ABC CERTIFEID
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | بدھ 8 جولائی 2026ء، 21 محرم الحرام 1447ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 309
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

# سرمایہ کاری کا دائرہ وسیع کرینگے، وزیراعظم

## ترک سرمایہ کاروں نے پاکستان میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، باہمی روابط اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بھرپور محنت کی ہے

**پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون، سرمایہ کاری اور برادرانہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے، شہباز شریف کا کابینہ اجلاس سے خطاب**

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ترک سرمایہ کاروں نے پاکستان میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون، سرمایہ کاری اور برادرانہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کو دورۂ ترکیہ پر اعتماد میں لیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون، سرمایہ کاری اور برادرانہ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے بتایا کہ تہران میں انہوں نے حکومت پاکستان اور عوام کی جانب سے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی آخری رسومات میں شرکت کی اور ایران کے ساتھ دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور اس کے بعد وفاقی کابینہ کے بعض ارکان کے ہمراہ ترکیہ کا دورہ کیا، جہاں ایک بزنس کانفرنس میں شرکت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ کانفرنس میں ترک سرمایہ کاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جنہیں پاکستان کے توانائی، نج کاری، ٹرانسمیشن لائنز، مائنز اینڈ منرلز اور دیگر اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک سرمایہ کاروں نے پاکستان میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دورے کے دوران ترکیہ کے ممتاز کاروباری گروپوں سے ملاقاتیں ہوئیں اور انہیں توانائی، کان کنی، معدنیات، انفرااسٹرکچر اور دیگر ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھانے کی دعوت دی گئی ہے۔ وزیراعظم کے مطابق دونوں ممالک نے باہمی روابط اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بھرپور محنت کی ہے، جس کے مثبت نتائج مستقبل میں سامنے آئیں گے اور پاک۔ترکیہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

# آزاد کشمیر عوامی مطالبات کو سپورٹ کرتے ہیں، چیئرمین PTI

## ہماری پارٹی میں کوئی بغاوت اور فارورڈ بلاک نہیں ہے بانی کی قیادت میں سب متحد ہیں

**آزاد کشمیر الیکشن کے بائیکاٹ کا فیصلہ وہاں کے حالات دیکھ کر کیا، بیرسٹر گوہر علی خان میڈیا سے گفتگو**

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر الیکشن کے بائیکاٹ کا فیصلہ وہاں کے حالات دیکھ کر کیا تھا۔ راولپنڈی اڈیالہ روڈ پر داہگل ناکے کے قریب صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 37 ہفتے گزر گئے عمران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

# پولیس چوکی پر حملہ 9 اہلکار شہید، 15 دہشت گرد جہنم واصل

## سیکیورٹی فورسز، بلوچستان پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کا مشترکہ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا گیا، معاون وزیراعلیٰ شاہد رند

**کسی کو بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، وزیراعظم: شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں، لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، وزیرداخلہ محسن نقوی**

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان کے سیاحتی ضلع زیارت کے علاقے کاچ مانگی فیر تھری میں دہشت گردوں کے حملے میں دو ایس ایچ اوز سمیت بلوچستان پولیس کے 9 افسران و اہلکار شہید ہوگئے جبکہ حملے کے بعد سیکیورٹی فورسز، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مشترکہ کلیئرنس آپریشن مکمل کرتے ہوئے 15 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ ایس پی زیارت عبدالقدوس دہوار کے مطابق دہشت گردوں نے کاچ مانگی فیر تھری میں ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ مانگی محمد حسین، ایس ایچ او تھانہ کواس صحبت خان سمیت 9 پولیس افسران و اہلکار شہید ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ حملے کے بعد دہشت گرد چند مقامی افراد کو بھی اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے، تاہم اغوا ہونے والے پانچ افراد دہشت گردوں کے چنگل سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ ایس پی زیارت کے مطابق پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان گزشتہ رات سے شدید فائرنگ کا تبادلہ جاری رہا، جبکہ شہداء کی میتیں ڈی ایچ کیو اسپتال زیارت منتقل کر دی گئی ہیں۔ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان شاہد رند نے بتایا کہ زیارت میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز، بلوچستان پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کا مشترکہ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا گیا، جس میں 15 دہشت گرد مارے گئے۔ شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردوں کو بلوچستان کے امن سے کھیلنے کی بھاری قیمت چکانا پڑی ہے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ دہشت گردی کا جواب دے رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں، ہر حملے کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، جبکہ انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کو ہر صورت انجام تک پہنچایا جائے گا اور بلوچستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

چولپان، صدر مملکت آصف علی زرداری کرغزستانی ہم منصب کے ہمراہ معاہدہ پر دستخط کے بعد دستاویزات کیساتھ گروپ فوٹو

# درست سمت میں گامزن معیشت، معاشی اصلاحات کے مثبت نتائج آنے لگے، وزیر خزانہ

## حکومت مزید 28 ریاستی اداروں کی نجکاری کے حوالے سے متحرک ہے، عوام کو ریلیف کیلئے پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کی گئی

**ٹیکس نظام میں انسانی روابط کو ختم کررہے ہیں، سب کو دینا ہوگا، کوشش ہے مالیاتی نظم وضبط کو فروغ دیا جائے، محمد اورنگزیب**

کراچی (آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، حکومتی معاشی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے، نجکاری کمیشن کو مزید 28 ریاستی ادارے مختص کیے گئے ہیں، نجکاری کے حوالے سے حکومت متحرک ہے، عوام کو ریلیف دینے کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے تحت پاکستان بینکنگ سمٹ 2026 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے موہڑہ شریف کے صاحبزادہ مراد نذیر ملاقات کر رہے

### یوسف گیلانی کی زیارت دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) قائم مقام صدرِ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے زیارت میں بھارتی سرپرستی میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے 9 پولیس اہلکاروں کی شہادت پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

## نیٹو سربراہی اجلاس میں شرکت، ٹرمپ انقرہ پہنچ گئے

**دفاعی اخراجات، یورپی سلامتی، ایرانی معاملے پر اتحادیوں کے تعاون سمیت اہم امور پر غور**

انقرہ (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ دنیا کے سب سے بڑے دفاعی اتحاد نیٹو کے 36 ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ پہنچ گئے، جہاں ترک صدر رجب طیب اردوان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ نیٹو سربراہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

## حماس کا غزہ میں انتظامی باڈی تحلیل کرنے کا اعلان

**تحریک غزہ جنگ بندی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے پرعزم ہے، حماس**

غزہ، نیویارک (آئی این پی) حماس نے اسرائیل پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ غزہ میں اقوام متحدہ کی حمایت یافتہ تکنیکی انتظامی کمیٹی کو اختیارات سنبھالنے سے روک کر علاقے میں انتظامی خلا پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق حماس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

### سٹاک مارکیٹ میں مندی، انڈیکس میں 1199 پوائنٹس کی کمی

کراچی (آئی این پی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں زبردست تیزی کے بعد مندی چھا گئی جس کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس منفی زون میں بند ہوا۔ کاروباری ہفتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

رباط، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین مراکش کے وزیر سے میٹنگ کر رہے ہیں

## بلوچستان، بڑے منصوبے قرضوں سے جاری، مکمل ریکارڈ نہ ہونیکا انکشاف

**پارلیمانی نگرانی صرف کاغذی رپورٹس پر انحصار نہیں کرسکتی، سینیٹر روبینہ خالد**

**سینیٹ کمیٹی غیر ملکی مالی معاونت سے جاری منصوبوں میں تاخیر پر رپورٹس طلب**

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں کنوینر کمیٹی سینیٹر سید وقار مہدی کی زیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

## ایران نے عمانی حدود میں بحری ٹینکر کو نشانہ بنا ڈالا

**ایرانی انتباہ کو نظرانداز کرنے پر ایل این جی ٹینکر کو نشانہ بنایا گیا: ایرانی ٹی وی کا دعویٰ**

تہران (صباح نیوز): آبنائے ہرمز میں عمان کے ساحل کے قریب ایک تجارتی آئل ٹینکر پر نامعلوم پروجیکٹائل (میزائل) لگنے سے آگ بھڑک اٹھی ہے۔ برطانوی فوج کے بحری تجارتی آپریشنز (UKMTO) سینٹر کے مطابق یہ واقعہ منگل کے روز سویرے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

وفاقی وزیر احسن اقبال کا شکاگو کی یونیورسٹی کی تحقیقی لیب دورہ کے بعد گروپ فوٹو

## جناح میڈیکل کمپلیکس کو ممتاز طبی مرکز بنائینگے، احسن اقبال

**روبوٹک سرجری اور پاکستان امریکا ادارہ جاتی تعاون بڑھانے پر اتفاق**

شکاگو (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومتِ جدید طبی سہولیات اور عالمی معیار کے طبی وتعلیمی اداروں سے شراکت داری کے لیے پرعزم ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت جناح (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

## 9 مئی کیس، محمود الرشید کی 10 سال قید کی سزا چیلنج

**پولیس گاڑیاں جلانے کے مقدمے میں ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی سزا حقائق کے برعکس**

لاہور (آئی این پی) 9 مئی کے مقدمات میں سزا پانیوالے تحریک انصاف کے رہنما میاں محمود الرشید نے 10 سال قید کی سزا لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دی۔ میاں محمود الرشید نے اپنے وکیل سکندر ذوالقرنین کی وساطت سے اپیل دائر کی ہے۔ اپیل میں موقف اختیار کیا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

## بھارتی پاسپورٹ عالمی درجہ بندی میں 125 ویں نمبر پر آ گیا

**100 بہترین ممالک میں بھی اپنی پوزیشن برقرار رکھنے میں ناکام رہا**

نئی دہلی (کے ایم ایس) بھارتی پاسپورٹ کی عالمی درجہ بندی میں نمایاں کمی سامنے آئی ہے۔ عالمی پاسپورٹ انڈیکس کے مطابق بھارت 2026 کی درجہ بندی میں 125 ویں نمبر پر پہنچ گیا ہے، جبکہ 2014 میں اس کی پوزیشن 76 ویں تھی۔ گزشتہ 11 برس کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے بنکنگ محتسب سراج الدین عزیز ملاقات کر رہے ہیں

## گوجرانوالہ، سول ہسپتال سے فرار ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

**نامعلوم ملزمان کے خلاف قتل، اقدامِ قتل، پولیس پر حملہ کے دفعات کے تحت مقدمہ درج**

گوجرانوالہ (آئی این پی) گوجرانوالہ میں سول ہسپتال سے دورانِ گرفتاری پولیس کو چکمہ دے کر فرار ہونے والا ملزم مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق صدر کامونکی پولیس نے چھچھوکی پل کے قریب ناکہ بندی کر رکھی تھی کہ اس دوران دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار مشتبہ افراد وہاں پہنچے۔ پولیس نے انہیں رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے اہلکاروں پر فائرنگ کر دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اہلکاروں نے محفوظ پوزیشن لے کر اپنی جان بچائی اور ملزمان کا تعاقب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

## کراچی، دہشتگردی منصوبہ ناکام، 2 گرفتار، بارودی مواد برآمد

**گرفتار ملزمان دہشتگرد ساجد بلوچ اور بشیر زیب کی ہدایت پر کراچی میں مقیم تھے**

کراچی (آئی این پی) کراچی میں دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا، کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 2 دہشت گرد گرفتار کر لیے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق گرفتار دہشت گردوں کا تعلق کالعدم بی ایل اے سے ہے، گرفتار دہشت گردوں میں مجاہد بلوچ اور فرید بلوچ عرف ذاکر بن شامل ہیں، ملزمان بی ایل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

## اسلام آباد، خیبرپختونخوا میں بلدیاتی انتخابات، مزید اقدامات کی ہدایت

**چیف سیکرٹری، چیف کمشنر اسلام آباد الیکشن کمیشن میں پیش، کیس کی سماعت 28 جولائی کو ہوگی، بقایا نوٹیفکیشن جمع کرانے کی ہدایت**

**23 اضلاع کے نقشہ جات پہلے ہی الیکشن کمیشن کو مہیا کر چکے، کمیشن ان اضلاع میں حلقہ بندی کا کام مکمل کر چکا، چیف سیکرٹری**

اسلام آباد (صباح نیوز) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں خیبر پختونخواہ اور دارالحکومت اسلام آباد میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے کیس کی سماعت، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈپٹی کمشنر الیکشن کمیشن میں پیش ہوگئے۔ کیس کی اگلی سماعت 28 جولائی کو ہوگی، سماعت میں دی گئی ہدایات پر عمل درآمد کا جائزہ لیا جاسکے۔ منگل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

## وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو نوبل انعام مل سکتا ہے، وکٹر گاؤ

**چینی قیادت نے بھی پاکستان کے ساتھ علاقائی امن واستحکام کے لیے تعاون کو سراہا**

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے سینٹر فار چائنا اینڈ گلوبلائزیشن (سی سی جی) کے نائب صدر ڈاکٹر وکٹر گاؤ نے کہا ہے کہ اگر پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر اسی طرح خطے میں امن اور سفارتی کوششوں کے لیے کام کرتے رہے تو وہ مستقبل میں نوبل امن انعام کے مستحق ہوسکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈاکٹر وکٹر گاؤ نے ایک انٹرویو میں پاکستان کی حالیہ سفارتی سرگرمیوں، خصوصاً مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم کرانے اور مختلف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

## اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت اجلاس، کثیر الجہتی اقدامات کا جائزہ

**بین الاقوامی پروگراموں اور ان کیلئے کی جانیوالی تیاریوں کے بارے میں بریفنگ**

اسلام آباد (صباح نیوز): نائب وزیرِاعظم اور وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت وزارتِ خارجہ میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف کثیر الجہتی (multilateral) اقدامات کے ساتھ پاکستان کے جاری تعاون اور روابط کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران نائب وزیرِاعظم کو مستقبل میں ہونے والے مختلف اعلیٰ سطحی بین الاقوامی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

### ٹرمپ نے زور زبردستی سے اپنا فٹبالر کھلا لیا، فیفا کا جرمانے کا اعلان

نیویارک (صباح نیوز) فیفا (FIFA) نے ورلڈ کپ کے دوران امریکی فٹبالر فولارین بالوگن (Folarin Balogun) کو ریڈ کارڈ دکھائے جانے اور میچ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

کراچی، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کو ایم ڈی پاکستان کویت انویسٹمنٹ کمپنی سعد الرحمن وینٹر پیش کر رہے ہیں

## 3 دنوں میں 108 بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے

**اقتصادی پابندیوں کا شکار 14 بحری جہازوں نے بھی آبنائے ہرمز کو عبور کیا**

دبئی / لندن (صباح نیوز): ڈیٹا اینالسٹ کمپنی کیپلر (Kpler) کے مطابق، 3 سے 5 جولائی کے درمیان مجموعی طور پر 108 بحری جہازوں نے آبنائے ہرمز (Strait of Hormuz) کو عبور کیا ہے۔ بحری آمد و رفت کو ٹریک کرنے والی کمپنی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹویٹر) پر جاری ایک پوسٹ میں بتایا کہ ان تین دنوں میں ٹریفک کا بہاؤ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

### آزاد کشمیر انتخابات، نشستیں جیت کر نواز شریف کو تحفے دینگے، بیرسٹر دانیال

راولپنڈی (اے پی پی): وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ راولپنڈی سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کا شہر ہے، یہاں سے الیکشن لڑنے والے ہر امیدوار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

# پٹرولیم لیوی کیخلاف جمعہ کو مظاہرے، دھرنے ہونگے، حافظ نعیم الرحمن

## غیر ملکی خواتین اغوا، ریپ مقدمہ کھلی عدالت میں چلایا جائے، امیر جماعت اسلامی

**پاکستان کے پانیوں پر بھارتی جارحیت کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی جائے، پریس کانفرنس**

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے پٹرولیم لیوی کے خلاف جمعہ دس جولائی کو ملک گیر دھرنوں اور مظاہروں کا اعلان کیا ہے۔ منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے حکومت سے پاکستان کے پانیوں پر بھارتی جارحیت کے مسئلہ کو بھرپور طریقہ سے عالمی فورمز پر اٹھانے، ایران، پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ پر کام کے فوری آغاز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## اسرائیل کا جنوبی لبنان العقیدہ میں میزائل حملہ، 3 خواتین شامی شہری شہید

**اسرائیل کی جنوبی لبنان میں مسلسل بمباری سے 90 ہزار گھر تباہ، 6 لاکھ افراد واپسی کے منتظر ہیں، رپورٹ**

بیروت (آئی این پی) جنوبی لبنان کے علاقے العقیدہ میں کارروائی کے دوران اسرائیلی فوج نے ایک گاڑی کو نشانہ بنایا جس میں سوار چار افراد جاں بحق ہوگئے۔ لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی این این اے کے مطابق گاڑی پر اسرائیلی فوج نے میزائل سے حملہ کیا، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

## گلگت، نومنتخب وزیراعلیٰ کا پہلا بڑا فیصلہ، 89 ڈاکٹرز ریگولر

**یہ اقدام چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر کیا گیا**

گلگت بلتستان (مانیٹرنگ ڈیسک) نومنتخب وزیراعلیٰ امجد حسین ایڈووکیٹ نے عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنا پہلا اہم انتظامی فیصلہ کرتے ہوئے 89 ڈاکٹرز کو ریگولرائز کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے پہلے سرکاری آرڈر پر دستخط کرتے ہوئے محکمہ صحت کے 89 ڈاکٹرز کی مستقلی کی منظوری دی۔ یہ اقدام چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

# ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

## خامنہ ای کا جنازہ، ٹرمپ بھی حیران!

شہید ایرانی رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی نمازِ جنازہ کے موقع پر تہران کے گرینڈ مصلیٰ کمپلیکس میں علی خامنہ ای کے تین بیٹے، ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان، ایرانی پارلیمان کے سپیکر باقر قالیباف اور پاسداران انقلاب کے قائم مقام سربراہ بریگیڈیئر جنرل احمد واحدی سمیت اعلیٰ حکومتی عہدیدار شریک ہوئے سوموار کی صبح مرکزی جلوس کے بعد میت کو قم منتقل کیا گیا جہاں سے جسدِ خاکی کو عراقی شہر نجف اور کربلا لے جایا جائے گا۔ 9 جولائی کو شہید رہبر اعلیٰ کی ان کے آبائی شہر مشہد میں تدفین کی جائے گی۔

واضح رہے کہ آیت اللہ سید علی خامنہ ای امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کی مشترکہ دہشت گردی کے نتیجے میں اس وقت شہید ہوئے جب 28 فروری کو ایران پر جنگ مسلط کی گئی۔ ان کے ہمراہ ان کے خاندان کے متعدد افراد نے بھی جامِ شہادت نوش کیا۔ اس سانحے کے بعد جنگی حالات اور سکیورٹی خدشات کے باعث تدفین کی تقریبات مؤخر رہیں، تاہم اب جب یہ مراحل مکمل ہو رہے ہیں تو دنیا نے دیکھا کہ ایرانی عوام کی اکثریت نے اپنے رہبر سے والہانہ محبت اور عقیدت کا تاریخی اور مثالی اظہار کیا۔ لاکھوں افراد شدید گرمی کے باوجود گھنٹوں قطاروں میں کھڑے رہے، سڑکیں بند کر دی گئیں، اسکول، مساجد اور جامعات عارضی قیام گاہوں میں تبدیل ہو گئیں اور حکومت نے سوگواروں کے لیے سفر، خوراک اور رہائش کا انتظام کیا۔ یہ منظر اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ ایرانی قوم واقعی اپنے رہبر سے محبت و عقیدت کا لازوال جذبہ رکھتی ہے۔

ادھر، ایران کی وزارت انٹیلی جنس نے خامنہ ای شہید کے خون کا بدلہ لینے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ وزارت کی طرف سے کہا گیا ہے کہ شہید رہبر اور امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کی ایران کے خلاف مسلط کردہ جارحیت میں ان کے ساتھ شہید ہونے والے دیگر افراد کے خون کا بدلہ لیا جائے گا۔ بیان میں زور دے کر کہا گیا کہ امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست نے عصرِ حاضر کی تاریخ کی سب سے بڑی دہشت گردانہ کارروائی کا ارتکاب کیا۔ اس حملے کے ذمہ دار قرار دیے جانے والے عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سربراہ محمد باقر ذوالقدر نے کہا ہے کہ ایرانی قوم نے شہید رہبر کی نمازِ جنازہ اور آخری رسومات میں مزاحمت اور انتقام کا مطالبہ کیا ہے۔ آنے والے دنوں میں اپنی نظریں ایران پر مرکوز رکھیں، یہ وہی ایران ہے جس کے بارے میں تم نے سوچا تھا کہ اس کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کرنے کے لیے صرف چند دن لگیں گے۔ اسی طرح، ایرانی فوج کے سربراہ کا کہنا ہے کہ رہبرِ اعلیٰ کو شہید کرنے والوں کے گریبان نہیں چھوڑیں گے۔ مزید برآں، ترجمان ایرانی بری افواج نے کہا ہے کہ دشمن کی کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن اور تباہ کن جواب دیا جائے گا۔

دوسری جانب، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کہتے ہیں کہ ہم نے ایران کی فوج کو مکمل تباہ کر دیا۔ آیت اللہ خامنہ ای کے جنازے پر ایرانیوں کو روتا دیکھ کر حیرت ہوئی۔ میں سمجھتا تھا کہ لوگ ان سے نفرت کرتے ہیں یا یہ بناوٹی آنسو بھی ہو سکتے ہیں۔

امریکا چاہتا تو خامنہ ای کے جنازے میں ایرانی قیادت کو نشانہ بنا سکتا تھا۔ دریں اثناء، یہ اہم خبر بھی سامنے آئی ہے کہ امریکا اور ایران کے تکنیکی مذاکرات کا اگلا مرحلہ اسلام آباد میں 14 اور 15 جولائی کو متوقع ہے۔ تکنیکی امور کے ایرانی و امریکی ماہرین مذاکرات کے تیسرے دور میں شریک ہوں گے۔ پاکستان بطور ثالث امریکا ایران تکنیکی مذاکرات میں شریک ہوگا۔

امریکی صدر کے بیان سے یہ واضح ہوتا ہے کہ امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست کا بنیادی ہدف رہبرِ اعلیٰ کو نشانہ بنا کر ایران میں رجیم تبدیل کرنا اور خطے میں اپنی بالادستی قائم کرنا تھا۔ ان کا خیال تھا کہ ایک فرد کے خاتمے سے پوری نظریاتی و سیاسی ساخت زمیں بوس ہو جائے گی مگر تاریخ گواہ ہے کہ نظریات کو طاقت کے زور پر مٹایا نہیں جا سکتا۔ چار دہائیوں تک ایران کی باگ ڈور سنبھالنے والے رہبرِ اعلیٰ کی شہادت نے قوم کو منتشر کرنے کی بجائے عوام کی غالب اکثریت کو جذباتی طور پر مزید یکجا کر دیا۔ جنازے میں شریک سوگواروں کی وسعت، غیر ملکی وفود کی بھرپور شرکت اور مذہبی و سیاسی رہنماؤں کی موجودگی نے یہ ثابت کیا کہ رجیم چینج کا خواب بس خواب ہی رہ گیا۔

یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ اس پوری کشمکش میں امریکا اور ناجائز صہیونی ریاست خطے اور دنیا کو ایک بڑی تباہی کے دہانے تک لے آئے۔ جنگ کے نتیجے میں جانی و مالی نقصان، خطے میں عدم استحکام اور عالمی سطح پر کشیدگی میں اضافہ ہوا مگر اس کے باوجود دونوں ممالک اپنے اصل مقصد یعنی مسلم دنیا کو تقسیم در تقسیم کرنے کا ہدف حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے بلکہ اس کے نتیجے میں مسلم ملکوں کی قیادت کو یہ سوچنے کا موقع ملا کہ وہ آپس میں تعاون کو فروغ کیسے دیں اور کس طرح وہ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر معاملات کو بہتری کی طرف لانے کے لیے کردار ادا کریں۔ جنازے میں حماس اور حزب اللہ سمیت خطے کی مختلف مزاحمتی و سیاسی قوتوں کے وفود کی شرکت اس بات کی علامت ہے کہ خطے کے عوام اور ان کی ترجمانی کرنے والے گروہ کسی نہ کسی سطح پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، چاہے ان کے نظریاتی اختلافات کتنے ہی گہرے کیوں نہ ہوں۔

اسی تناظر میں ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا وہ بیان انتہائی اہمیت اختیار کر جاتا ہے جس میں انھوں نے کہا کہ اگر امتِ مسلمہ متحد ہو جائے تو دنیا کی کوئی طاقت اسے زیر نہیں کر سکتی۔ یہ جملہ بظاہر سادہ مگر معنی کے اعتبار سے نہایت گہرا ہے۔ مسلم دنیا کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ فلسطین سے لے کر شام، یمن، لبنان اور اب ایران تک، ہر خطے میں مسلمان اقوام کو الگ الگ محاذوں پر تنہا چھوڑ دیا گیا ہے۔ باہمی اختلافات، مسلکی تعصبات اور مفاداتی سیاست نے امتِ مسلمہ کو ایک ایسی حالت تک پہنچا دیا ہے جہاں دشمن آسانی سے ایک کے بعد ایک ملک کو نشانہ بناتا چلا جا رہا ہے۔ اگر ان واقعات سے سبق سیکھ کر اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کریں، مشترکہ دفاعی و سفارتی حکمتِ عملی وضع کریں اور فرقہ وارانہ تقسیم سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کا ساتھ دیں تو یقیناً طاغوتی طاقتوں کے لیے کسی ایک مسلم ملک کو بھی نشانہ بنانا ممکن نہیں رہے گا

## تعلیم پہلی ترجیح پر رکھیں!

سول سروسز اکیڈمی کی طرف سے تیار کی گئی ایک جامع تقابلی پالیسی جائزہ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں اڑھائی کروڑ بچے دہائیوں سے سکول سے باہر ہیں جس کی بنیادی وجوہات ناکافی فنڈنگ، غیر مربوط نظام اور کمزور طرزِ حکمرانی ہیں۔ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کیمپس میں قائم پانچ پالیسی اینالیسز گروپس کی تیار کردہ اِس رپورٹ میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کی تعلیمی پالیسیوں کا موثریت، کارکردگی، مساوات، اخلاقیات اور قابلِ عمل ہونے کے پیمانوں پر تجزیہ کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت کی طرف سے قومی تعلیمی ایمرجنسی کے اعلان کو دو سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود سکول سے باہر بچوں کو تعلیم کے دائرے میں لانے کی کوششیں بدستور ساختی مسائل، مسلسل مالی کمزوری، غیر مربوط انتظامی ڈھانچے، ناقص گورننس اور صوبوں کی غیر مساوی استعداد کے باعث مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں ناکام ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ صوبوں نے اگرچہ قومی تعلیمی ایکشن پلان 2026ء کے تحت پُرعزم تعلیمی روڈ میپ مرتب کیے لیکن اصل مسئلہ پالیسی سازی نہیں بلکہ موثر عملدرآمد ہے، ملکی تعلیمی بحران بھی وقتی نہیں بلکہ کئی دہائیوں سے چل رہا ہے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن کے مطابق سکول سے باہر بچوں سے متعلق دستیاب تاریخی اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ غربت، آبادی میں تیز رفتار اضافہ، کمزور حکمرانی اور تعلیم پر مسلسل کم سرمایہ کاری نے ہر گزرتے برس کے ساتھ بحران کو مزید سنگین بنایا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 90ء سے 2010ء تک کی دو دہائیوں میں سکول سے باہر بچوں کی نگرانی کی ذمہ داری اکیڈمی آف ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ مینجمنٹ کے پاس رہی تاہم اِس پورے عرصے میں بھاری تعداد تعلیمی نظام سے باہر رہی کیونکہ سرکاری تعلیمی انفراسٹرکچر آبادی میں اضافے کی رفتار کا ساتھ نہ دے سکا جس کے نتیجے میں نجی تعلیمی اداروں کا دائرہ مسلسل بڑھتا گیا۔ رپورٹ کے مطابق آئین کے آرٹیکل 25-اے کے تحت مفت اور لازمی تعلیم کی آئینی ضمانت کے باوجود پاکستان دنیا میں تعلیمی محرومی کا دوسرا بڑا بوجھ اُٹھانے والا ملک ہے۔

رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 8 مئی 2024ء کو قومی تعلیمی ایمرجنسی کے اعلان سے سیاسی سطح پر غیر معمولی توجہ ضرور حاصل ہوئی تاہم ہر صوبے کو مختلف نوعیت کے مسائل کا سامنا ہے اِس لیے یکساں قومی حکمت عملی سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ جائزے کے مطابق پنجاب کا بنیادی مسئلہ سکول سے باہر بچوں کی بہت بڑی تعداد ہے، سندھ پرائمری تعلیم کے بعد تعلیمی نظام کے انہدام اور موسمیاتی آفات سے دوچار ہے، خیبر پختونخوا میں شورش، دشوار گزار جغرافیہ اور خواتین اساتذہ کی کمی بڑی رکاوٹ ہیں، بلوچستان کمزور اداروں، وسیع فاصلے اور غیر فعال سکولوں کے باعث شدید بحران کا شکار ہے جبکہ وفاقی علاقوں میں نسبتاً بہتر مجموعی اندراج کے باوجود اندرونی عدم مساوات موجود ہے۔ رپورٹ میں پنجاب کو ملک کا سب سے بڑا تعلیمی بوجھ اُٹھانے والا صوبہ قرار دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ یہاں سکول سے باہر بچوں کی تعداد لگ بھگ ایک کروڑ ہے۔ پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی 2026ء کی بنیادی رپورٹ کے مطابق 64 لاکھ بچوں نے کبھی سکول میں داخلہ ہی نہیں لیا جبکہ مزید 31 لاکھ سے زائد بچے تعلیم ادھوری چھوڑ چکے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسئلہ صرف داخلے کا نہیں بلکہ بچوں کو نظامِ تعلیم میں برقرار رکھنا بھی بڑا چیلنج ہے۔ ماہرین کے مطابق تعلیمی ایمرجنسی اِس لیے مطلوبہ نتائج نہیں دے سکی کیونکہ فنڈنگ ناکافی ہے، نظام غیر مربوط ہے جبکہ طرزِ حکمرانی کمزور ہے۔ تعلیمی گورننس میں انقلابی اصلاحات مربوط ڈیٹا سسٹم، پائیدار مالیاتی وسائل کی فراہمی اور پالیسی پر سخت عملدرآمد ہی کے باعث بہتری ممکن بنائی جا سکتی ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق تعلیم پر جی ڈی پی کا کم از کم چار فیصد خرچ کیا جانا چاہئے جبکہ پاکستان میں کبھی 7.1 فیصد خرچ کیا جاتا تھا جو کم ہو کر کم و بیش ایک فیصد رہ گیا ہے جبکہ تعلیمی ایمرجنسی کا اعلان تو کیا گیا لیکن اُس پر عملدرآمد یقینی نہیں بنایا جا سکا۔

## پاکستان میں سیاحوں کا تحفظ؟

اس حقیقت سے آنکھیں چرانا کہ بلوچستان میں سول انتظامیہ گڈ گورننس کے معیار پر پورا اتر رہی ہے خود کو دھوکا دینے کے مترادف ہے حالات و واقعات اِس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ بلوچستان کی موجودہ منتخب جمہوری حکومت اپنے زیرِ اہتمام بڑے شہروں سمیت قرب و جوار کی شاہراہوں پر عوام کے جان و مال کے تحفظ میں اپنے فرائض کی بجا آوری میں کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو رہی۔ اس کا سب سے بڑا ثبوت دارالحکومت کوئٹہ سمیت دیگر چھوٹے بڑے شہروں میں بھی شہریوں کی بلاخوف و خطر آمد و رفت میں جان کے لالے پڑے رہتے ہیں کس قدر افسوس کی بات ہے کہ کراچی سے اپنے خاندان کے ہمراہ سیر سپاٹے کی غرض سے کوئٹہ جانے والے ایک مختصر سے خاندان کو دہشتگردوں نے آلیا۔ کراچی سے ایک شائع شدہ رپورٹ سے کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کی سیر کر کے واپس جانے والے خاندان کا سربراہ جمیل خان بحق ہو گیا۔ اس کی اہلیہ شدید زخمی ہوئی جبکہ ان کی دو کمسن بیٹیاں محفوظ ہیں۔ پولیس کا موقف یہ ہے کہ علی جمیل کراچی میں موبائل فون کا کاروبار کرتے تھے وہ اپنی بیوی اور دو بچیوں کے ہمراہ سیر و تفریح کیلئے کوئٹہ آئے تھے۔ کوئٹہ سے مختلف مقامات کی سیر و تفریح کے بعد کراچی واپس جا رہے تھے کہ راستہ کھو کر قومی شاہراہ سے ہٹ کر علاقہ کھنڈ جا پہنچے جہاں دہشت گردوں نے انہیں گاڑی روکنے کا اشارہ کیا اور نہ رکنے پر ان کی گاڑی پر فائرنگ کر دی۔ مقتول جمیل کی شدید زخمی اہلیہ عائشہ کو کوئٹہ میں صوبائی سینڈکن ہسپتال کے ٹراما سنٹر میں منتقل کر دیا گیا اس المناک اور دردناک سانحہ کو کسی بھی صورت دہشت گردوں کے کھاتے میں ڈال کر بلوچستان حکومت کے زیرِ انتظام امن و امان برقرار رکھنے والے اداروں کو بری الذمہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ سوال یہ ہے کہ صوبے کی چھوٹی بڑی شاہراہوں، صوبے کے شہروں، قصبوں اور دور و نزدیک کے دیہات میں امن و امان بحال رکھنے کے ذمہ دار اداروں کو ان کے فرائض کی بجا آوری کا کام لینا کس کا کام ہے، حال ہی میں کراچی سے تعلق رکھنے والے مختصر سے خاندان کے میاں بیوی اور دو کمسن بچیوں پر جو ظلم ڈھایا گیا ہے بادی النظر میں اس سانحہ کی ذمہ داری دہشت گردوں کے سر باندھنا قرین دانش نہیں، دہشت گردوں کی گولیاں بڑوں کو جان سے فارغ کر کے بچوں پر رحم نہیں کرتیں، ضرورت اِس بات کی ہے کہ ایسے واقعات و حادثات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرانا چاہئے۔ امن و امان کی ایسی ناگفتہ بہ صورتحال میں تو بلوچستان ایسے سیر و سیاحت کا منبع خطہ عام سیاحوں اور شہریوں کیلئے مقتل گاہ بن کر رہ جائے گا۔ پاکستان کے اِس صوبے کی منتخب حکومت کے کارپردازوں کو اپنے حقیقی فرائض کا احساس کرنا ہوگا۔ ایسے معاملات میں ملک کے دیگر صوبے سے امن و امان کے حوالے سے گڈ گورننس کا سبق حاصل کرنے سے گریز نہیں کرنا چاہئے۔ حقائق کچھ اس طرح ہیں کہ جس طرح بلوچستان میں مختلف ناموں سے سرگرم عمل دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے قومی سلامتی کے حقیقی ادارے سربکف سرگرم عمل ہیں اس کی صدائے بازگشت اندرون اور بیرون ملک بھی سنی جاتی ہے کہ آئے دن سڑکوں گلیوں میں ہونے والی وارداتوں کے قلع قمع کیلئے صوبے کے امن و امان کے اداروں کا کوئی سراغ نہیں ملتا۔ انہی دِنوں بلوچستان کے ضلع قلات ایسے مردم خیز علاقے سے ایئرپورٹ سکیورٹی فورس کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد وسیم کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی۔ قلات پولیس کے سربراہ نے بی بی سی سے گفتگو میں بتایا کہ محمد وسیم کی لاش کوئٹہ کراچی شاہراہ کے قریب ایک ویران علاقے سے ملی، محمد وسیم افغانستان اور وزیرستان سے متصل بلوچستان کے سرحدی ضلع ژوب میں واقع ایئرپورٹ پر اپنے فرائض انجام دے رہے تھے۔ وہ ژوب سے کوئٹہ پہنچے تھے جہاں سے 20 مئی کو ایک پرائیویٹ گاڑی میں کراچی کیلئے روانہ ہوئے تھے۔ یہ سبھی واقعات اس بات کی واضح نشاندہی کرتے ہیں کہ بلوچستان میں صوبائی حکومت کے زیرِ انتظام علاقوں کے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ایسے مربوط اور موثر نظام کی ضرورت ہے جس کے اہلکاروں کی صوبے بھر کی شاہراہوں میں تعیناتی شہریوں کے تحفظ کی ضمانت ہو اور ان کی آمد و رفت میں کوئی رکاوٹ نہ ہو، یہ کام جتنی جلد ہو جائے اتنا ہی بلوچستان میں اَمن و امان کی بحالی میں مدد و معاون ثابت ہوگا۔

## شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے!

آیت اللہ علی خامنہ ای سپریم لیڈر وہ کئی دہائیوں تک ایران کے سب سے طاقتور شخص رہے۔ آج بھی لوگ انہیں اسلامی انقلاب کا ہیرو قرار دیتے ہیں۔ چھتیس سال تک ان کا ٹائٹل سپریم لیڈر رہا ہے۔ علی خامنہ ای 1939ء میں ایران کے شہر مشہد میں ایک مقامی مذہبی رہنما جواد خامنہ ای کے گھر پیدا ہوئے اور انہوں نے غربت میں پرورش پائی۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم مشہد کے ایک مدرسے سے حاصل کرنے کے بعد عراق کے شہر نجف سے فقہ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی جہاں وہ آیت اللہ خمینی کے طالب علم رہے۔ خامنہ ای کے چھ بچے تھے۔ خامنہ ای کی شاعری میں دلچسپی ان کی عوامی شخصیت کا ایک معروف حصہ ہے۔ وہ اکثر اپنی تقاریر میں اشعار کا حوالہ ضرور دیتے۔ مشاعروں کی بھی میزبانی شوق سے کرتے۔ جہاں حکومت کے حامی شعراء اپنے اشعار پڑھتے اور ان کے تبصرے سننے کے لئے جمع ہوتے تھے۔ مذہبی علماء میں علی خامنہ ای کی ادب میں دلچسپی کافی نایاب ہے۔ باغبانی میں بھی ان کی دلچسپی بہت زیادہ تھی۔

1960 اور 1970 کی دہائیوں میں خامنہ ای شاہ ایران کے خلاف مظاہروں میں شامل رہے۔ آیت اللہ روح اللہ خمینی اس وقت جلاوطنی میں تھے مگر علی خامنہ ای ان کے کٹر حامی تھے۔ وہ ایران کو مغربی رنگ میں رنگنے کے خلاف تھے اسی لئے اس دور میں علی خامنہ ای کو رضا شاہ پہلوی کی خفیہ پولیس اور انٹیلی جنس ادارے ساواک نے گرفتار کر لیا تھا۔ پھر ایک دن ایسا آیا کہ وہ 1400 سال پہلے کہے گئے جملے کی عملی تصویر بن گئے "مجھ جیسا تجھ جیسے کی بیعت نہیں کر سکتا"۔ رضا شاہ پہلوی کی حکومت نے انہیں چھ بار گرفتار کیا۔ بعدازاں انہیں تین برس کے لئے جلاوطن کر دیا گیا۔ 1978ء...... 1979ء کے ایرانی انقلاب میں وہ ایک نمایاں شخصیت کے طور پر ابھرے اور انقلاب کی کامیابی کے بعد نوقائم شدہ اسلامی جمہوریہ ایران میں متعدد مناصب پر فائز رہے۔ انقلاب کے بعد ان پر قاتلانہ حملے میں ان کا دایاں بازو مفلوج ہو گیا بعد میں بھی کئی برس انہیں اسرائیل کی جانب سے ان کے خلاف قتل کی دھمکیاں دی جاتی رہیں۔ وہ ایران عراق جنگ کے دوران 1981ء سے 1989ء تک ایران کے تیسرے صدر رہے اور اسی عرصے میں ان کے سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی سے قریبی تعلقات قائم ہوئے۔ 1989ء میں خمینی کی وفات کے بعد مجلس خبرگان رہبری نے انہیں سپریم لیڈر منتخب کیا۔

بطور سپریم لیڈر خامنہ ای نے ایران کے جوہری پروگرام کی پرامن مقاصد کے لئے حمایت کی جبکہ فتویٰ جاری کیا کہ تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی تیاری حرام ہے۔ انہوں نے ایران میں صنعتوں کی نجکاری کی حمایت کی۔ تیل اور گیس کے وسائل کے ساتھ ایران کو توانائی کا سپر پاور بنا دیا۔ ان کی خارجہ پالیسی اخوانی شیعیت اور ایرانی انقلاب رہی۔ خامنہ ای نے سپاہ پاسداران اسلام کی ترقی اور اسے داخلی کنٹرول اور علاقائی اثر و رسوخ کا بنیادی آلہ بنا دیا۔ خامنہ ای کے دور میں ایران نے محورِ مزاحمت اتحاد کی شام کی خانہ جنگی، عراق کی جنگ، یمن کی خانہ جنگی اور غزہ جنگ میں حمایت کی۔ اسرائیل اور صہیونیت کے سخت ناقد کے طور پر انہوں نے فلسطینیوں کی اسرائیل فلسطین تنازع میں حمایت بھی کی۔

2025ء اور 2026ء میں اسرائیل اور ریاست ہائے متحدہ کے ساتھ کشیدگی بڑھ کر ایران اسرائیل جنگ اور جاری حملوں تک جا پہنچی۔ 28 فروری 2026ء کو اسرائیل اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے ایران کے مختلف مقامات پر مشترکہ کارروائی شروع کی۔ امریکہ نے اس آپریشن ایپک فیوری کے نام سے شروع کیا۔ اس کارروائی میں ایران کے اہم حکام، عسکری کمانڈروں اور ایران کی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ ایران نے آپریشن وعدۂ صادق 4 کا آغاز کیا۔ ایران نے خلیجی عرب ممالک کو میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ 37 برس تک ایران کے اہم ریاستی امور پر حتمی اختیار رکھنے والے 86 سالہ آیت اللہ علی خامنہ ای تہران کے وسط میں واقع اپنے رہائشی و دفتری کمپاؤنڈ پر میزائل حملوں میں شہید ہوئے۔ یہ حملے 28 فروری کو جنگ کے پہلے روز اس وقت ہوئے جب امریکہ اور اسرائیل نے ایران پر فضائی حملے شروع کئے تھے ان حملوں میں خامنہ ای کی بیٹی دو پوتے اور پوتیوں سمیت خاندان کے متعدد افراد بھی شہید ہوئے تھے۔

ابتدائی طور پر مارچ کے آغاز میں ہونے والی آخری رسومات جنگ کے باعث موخر کر دی گئی تھیں مگر بعد میں اس کے آغاز کا اعلان امریکہ اور ایران کے درمیان نازک لیکن عبوری جنگ بندی نافذ ہونے کے بعد کیا گیا۔ ایرانی قیادت نے سابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی چھ روزہ آخری رسومات کو ملکی اتحاد اور عالمی سطح پر طاقت کے مظاہرے کے طور پر پیش کرنے کی تیاریاں مکمل کیں، 4 جولائی سے آغاز ہو چکا ہے۔ 4 کو مختلف ممالک سے آئے وفود نے آخری رسومات میں شرکت کی۔ 5 جولائی کو تہران میں ملکی تاریخ کا نماز جنازہ سب سے بڑا عوامی اجتماع سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی شہادت پر 40 دن کے سوگ کا اعلان کیا گیا تھا اور سات دن کی عوامی تعطیلات کا اعلان بھی کیا گیا تھا۔ علی خامنہ ای کی شہادت پر سوگ مناتے ہوئے متعدد ممالک میں احتجاج اور ہنگامے بھی ہوئے۔

آیت اللہ علی خامنہ ای شہید کے جنازے پر 100 سے زائد وفود نے شرکت کی اور ایرانی احکام نے ہر وفد کے سامنے قرآنی آیات جو سوچ سمجھ کر چنی گئیں، کے ذریعے خاموشی سے پیغام دیا۔ یہ کسی سفارت کاری سے نہ پہنچ پاتا۔ یہ ایک جیو پولیٹیکل سگنل تھا یہ ایک سیاسی اشارہ تھا۔ ایران حماس سے آیت کے ذریعے یہ کہہ رہا تھا کہ مومنوں میں بہت سے ایسے بھی ہیں جنہوں نے اپنے اللہ سے جو عہد کیا تھا وہ اس پر پورے اُترے ہیں۔ پاکستانی وفد جس میں وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور بلاول بھٹو نے شرکت کی ان کیلئے سورہ بنی اسرائیل کی آیت کی تلاوت کی گئی مختلف ممالک کے لئے مختلف قرآنی آیات کو ایک علامتی اور سفارتی پیغام قرار دیا جا رہا ہے۔ آیت اللہ علی خامنہ ای کی تدفین 9 فروری 2026ء کو مشہد میں روضہ امام رضاؑ میں کی جائے گی۔

## حرفِ انکار کی گواہی




"صرف چار سطری نوٹیفکیشن" کالم کیا شائع ہوا جیسے میں نے لوگوں کے زخموں پر زخم چھڑک دیا ہو۔ حالانکہ اس کالم میں دو افسروں کی آراء پر مبنی بیوروکریسی کو درپیش چیلنجوں اور دباؤ کا ذکر کیا گیا تھا۔ ان افسروں کا یہ بھی کہنا تھا کہ باہر سے جو چکاچوند نظر آتی ہے وہ اس دباؤ کے مقابلے میں عشر عشیر بھی نہیں جس کا اس سروس میں سامنا کرنا پڑتا ہے۔ میں خود بھی ان کی باتوں میں ایک کمی کو محسوس کر رہا تھا اور قارئین نے بھی اسی پہلو کی نشاندہی کی ہے۔ آج کسی بیوروکریٹ نے اپنی زبان پر حرف انکار لانے کی جرائت کیوں نہیں کی۔ کیوں ہمیشہ ہر بیوروکریٹ نے مصلحت سے کام لیا اور دباؤ میں آ کر وہ کام کئے جو ضمیر اور منصب کے تقاضوں سے لگا نہیں کھاتے تھے۔ میری ایک غزل کا شعر ہے:

یہ جو کردار کی گواہی ہے
حرف انکار کی گواہی ہے

ایک سینئر بیوروکریٹ نے جو وفاقی سیکرٹری کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے، مجھے اسلام آباد سے فون کیا۔ ان سے پرانی دوستی ہے۔ انہوں نے کہا جب اتنی پرکشش نوکری سامنے ہو تو حرف انکار زبان پر لانا گویا اپنے کیریئر کی موت کے پروانے پر دستخط کرنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا دو تین دہائیوں میں بیوروکریسی کا زوال اس لئے آیا ہے کہ حکومتوں نے اس اعلیٰ ترین سروس کے اس اصول کو توڑ دیا جو سنیارٹی کی بنیاد پر کھڑا تھا۔ ہر افسر کو معلوم ہوتا تھا میری جگہ کوئی میرے گریڈ کا افسر ہی آئے گا اور وہ بھی اصول و ضوابط کے مطابق ہی چلے گا، لیکن پھر حکومتوں نے اپنی من پسند گورننس کے لئے جونیئر گریڈ کے افسروں کو سینئر گریڈ کی اسامیوں پر تعینات کرنا شروع کر دیا۔ اس سے یہ ہوا کہ حکومت کو بہت سے افسر میسر آ گئے۔ دوسری طرف افسروں پر بھی یہ دباؤ آ گیا کہ میں نے اگر انکار کیا تو کسی جونیئر افسر کو تعینات کر دیا جائے گا اور پھر نجانے کب کسی پوسٹنگ کی باری آئے۔ یوں بیوروکریسی میں کمزوری آتی چلی گئی۔ ضلع کا ڈی سی یا ڈویژن کمشنر لگنا ہر بیوروکریٹ کا خواب ہوتا ہے۔ تاہم اکثر جگہوں پر سینئر افسر دستیاب ہونے کے باوجود جونیئر افسر تعینات کئے جاتے ہیں۔ یہی حال پولیس سروس کا بھی ہے۔ یوں پرائز پوسٹنگ کے "جن" کو حکومتوں نے اپنے قابو میں کر لیا ہے۔ اب اضلاع اور ڈویژن تو گنے چنے ہیں، اگر ان کی پوسٹیں سینئر افسروں تک ہی رہتیں تو پھر بھی کسی وقت سینئر افسروں کا نمبر آ جاتا، مگر اب جونیئر افسروں کو بھی ان پوسٹوں کے لئے اہل قرار دے کر ایسی فضا پیدا کر دی گئی ہے کہ ایک سے بڑھ کر ایک وفاداری پیش کرنے والا کندھا پیش کرنے کو تیار نظر آتا ہے۔ اس صورتِ حال میں ایک دباؤ تو پہلے ہی سے بیوروکریسی پر موجود ہے۔ پوسٹنگ لینے کے لئے بے تابی کئی مصلحتوں پر مجبور کر دیتی ہے۔ پھر اس کے بعد تو پنجابی کا وہ مقولہ ہی رہ جاتا ہے، "نوکر کی تے نخرہ کی"۔ پروفیسر نعیم اشرف جو ہر معاملے میں ایک واضح موقف اور ناقدانہ رائے رکھتے ہیں، انہوں نے کالم پر دوٹوک انداز میں اپنی رائے کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا "ان میں آٹے میں نمک کے برابر بھی ایسے افسر نہیں جو لوگوں کا خیال رکھیں، انہیں دیکھ کر مسکرائیں، ان کے چہرے پر ہمیشہ رعونت، مصنوعی پن اور تکبر رہتا ہے اگر یہ پریشان ہوتے ہیں تو ہمیں کسی "اچھی" پوسٹنگ کے لئے اتاولے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے عوام کو بہت دکھ دیئے ہیں، یہ تو یہ ان کے ڈرائیور، چپڑاسی تک عوام کی تضحیک کرتے ہیں۔ ویسے تو پوری سوسائٹی ہی تباہ حال ہے، جو جہاں ہے وہاں کا پردھان منتری ہے، ڈاکٹر، استاد، جوڈیشری، محکموں کے کلرک، پٹواری، کانسٹیبل سب کے سب عوام کے لئے کسی سزا سے کم نہیں"............ میں نے نعیم اشرف کے کمنٹ پر غور کیا تو مجھے اس کے خلاف کوئی دلیل نہیں ملی۔ بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی۔ دوسری طرف پروفیسر منزہ احتشام گوندل جو ایک کالج کی پرنسپل ہیں، شاعرہ اور دانشور ہیں، ایک اور ہی پہلو سامنے لائی ہیں۔ وہ لکھتی ہیں: "یہ بیوروکریٹ سرکار کے نوکر ہیں تو سرکار کا پریشر تو ہوگا۔ جب حکومت نے اتنا پروٹوکول دے رکھا ہے تو کام بھی لے گی۔ مجھے بیوروکریسی ہمیشہ اس باڑے جیسی لگتی ہے جس میں سرکار نے اپنے پالتو جانور رکھے ہوتے ہیں۔ کچھ مارتے ہیں کچھ دودھ دیتے ہیں۔ مالک ان سب کو اپنے مفاد کے لئے پالتا ہے اور کھلا پلا کر خوب موٹا تازہ بھی رکھتا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ سرکار کے اس باڑے میں سب گھسنے کو تیار رہتے ہیں۔

# شہر نامہ SHEHAR NAMA
# فن و ثقافت

## امریکی پاپ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ پیا گھر سدھار گئیں

نیویارک (شوبز ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ امریکی پاپ گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ اور امریکی فٹ بال (این ایف ایل) کے اسٹار کھلاڑی ٹریوس کیلسی نے نیویارک کے مشہور اور تاریخی ہال 'میڈیسن اسکوائر گارڈن' میں باقاعدہ شادی کر لی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ہائی پروفائل تقریب کو کافی حد تک نجی رکھنے کی کوشش کی گئی تھی، جس میں دونوں ستاروں کے اہلخانہ، قریبی رشتہ داروں اور شوبز و کھیل کی دنیا سے تعلق رکھنے والے چند چیدہ چیدہ دوستوں نے شرکت کی۔ شادی کی اس پروقار تقریب میں میزبانی اور شادی کی رسومات کے فرائض ہالی ووڈ کے معروف کامیڈین اور اداکار ایڈم سینڈلر نے انجام دیے، جو دولہا اور دلہن کے قریبی دوست سمجھے جاتے ہیں۔ شادی کی رسومات مکمل ہوتے ہی میڈیسن اسکوائر گارڈن کے باہر نصب بڑی ڈیجیٹل اسکرینوں پر دونوں کے ناموں کی مناسبت سے "JUST&T MARRIED" کا بورڈ آویزاں کر دیا گیا، جس پر وہاں موجود مداحوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ اس یادگار موقع پر نیویارک کی مشہور ترین عمارت 'ایمپائر اسٹیٹ بلڈنگ' کو بھی نیلے رنگ کی روشنیوں سے منور کر کے جوڑے کو منفرد انداز میں مبارکباد پیش کی گئی۔

## گلوکارہ سبرینا کارپنٹر اور فٹبالر پیئرو ہنکاپی کی قربتوں کی افواہیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی پاپ گلوکارہ سبرینا کارپنٹر اور ایکواڈور کے فٹبالر پیئرو ہنکاپی کے درمیان مبینہ تعلقات کی خبریں سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ یہ افواہیں اس وقت زور پکڑ گئیں جب گزشتہ ہفتے نیو جرسی کے میٹ لائف اسٹیڈیم میں ہونے والے ورلڈ کپ کوالیفائنگ میچ کے دوران سبرینا کارپنٹر کو ایکواڈور کی ٹیم کی حمایت کرتے دیکھا گیا۔ ان کی اس موجودگی کے بعد سوشل میڈیا پر صارفین نے انہیں ایکواڈور کے اسٹار ڈیفنڈر پیئرو ہنکاپی کے ساتھ جوڑنا شروع کر دیا اور دونوں کے درمیان تعلقات سے متعلق مختلف دعوے گردش کرنے لگے۔ تاہم اب تک نہ سبرینا کارپنٹر نے ان خبروں پر کوئی مثبت ردعمل دیا ہے اور نہ ہی پیئرو ہنکاپی نے کسی رومانوی تعلق کی تصدیق کی ہے۔ دونوں کا مؤقف یہی ہے کہ وہ اس وقت سنگل ہیں، جس کے باعث ڈیٹنگ سے متعلق تمام دعوے محض قیاس آرائیاں سمجھے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب پیئرو ہنکاپی حالیہ دنوں ایک اور وجہ سے بھی خبروں میں رہے۔ میکسیکو کے خلاف ورلڈ کپ میچ کے دوران مخالف کھلاڑی سے گفتگو کرتے وقت انہوں نے اپنا منہ ڈھانپ لیا تھا، جس پر وی اے آر (VAR) کی مداخلت کے بعد ریفری نے انہیں ریڈ کارڈ دکھا دیا، اور یہ واقعہ بھی شائقین کی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ واضح رہے کہ سبرینا کارپنٹر کا نام ماضی میں بھی متعدد معروف شخصیات کے ساتھ جوڑا جا چکا ہے، جن میں بیری کیوگھن، جوشوا باسٹ اور شان مینڈیس شامل ہیں، تاہم ان میں سے بیشتر خبروں کی کبھی باضابطہ تصدیق نہیں ہو سکی۔ حالیہ افواہوں پر بھی دونوں ستاروں کی خاموشی کے باعث سوشل میڈیا پر بحث کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔

## حنا پرویز بٹ کی سوشل میڈیا انفلوئنسرز پر تنقید

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رہنما اور رکنِ پنجاب اسمبلی حنا پرویز بٹ نے سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور فیملی وی لاگرز کے اثرات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے والدین کو اپنے بچوں کی آن لائن سرگرمیوں پر نظر رکھنے کا مشورہ دیا ہے۔ حنا پرویز بٹ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک پوسٹ میں معروف یوٹیوبرز رجب بٹ، علی حیدر آبادی اور سمیع رشید کی تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ ایسے سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو فالو کر کے بچے اپنی تربیت کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کی سوشل میڈیا سرگرمیوں پر توجہ دیں اور انہیں ایسے کانٹینٹ کریٹیرز سے دور رکھیں، جن کے مواد کے بارے میں ان کے بقول بچوں کی اخلاقی اور سماجی تربیت پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ حنا پرویز بٹ کی یہ پوسٹ سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا پر نئی بحث چھڑ گئی۔ متعدد صارفین نے ان کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ والدین کو واقعی بچوں کے ڈیجیٹل استعمال پر نظر رکھنی چاہیے، جبکہ کچھ صارفین نے اس رائے سے اختلاف کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ کسی بھی انفلوئنسر یا کانٹینٹ کریٹیٹر کو ہدف بنانے کے بجائے والدین کی رہنمائی اور بچوں کی مثبت تربیت پر زیادہ توجہ دی جانی چاہیے۔

## پریتی زنٹا بھی اے آئی ڈیپ فیک ویڈیوز کا شکار، عدالت سے رجوع کرلیا

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ پریتی زنٹا نے اپنی جعلی اے آئی (مصنوعی ذہانت) ویڈیوز، تبدیل شدہ تصاویر اور دیگر غیر مجاز ڈیجیٹل مواد کے خلاف بمبئی ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا ہے۔ درخواست میں پریتی زنٹا نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے ان کی شکل و صورت استعمال کرتے ہوئے ڈیپ فیک ویڈیوز، تبدیل شدہ تصاویر اور چیٹ بوٹ طرز کا مواد بغیر اجازت تیار اور شائع کیا جا رہا ہے جس سے ان کی ساکھ متاثر ہو سکتی ہے۔ اداکارہ نے عدالت سے درخواست کی ہے کہ سوشل میڈیا اور مختلف آن لائن پلیٹ فارمز سے ان کے نام اور شناخت استعمال کرتے ہوئے تیار کیا گیا تمام متنازع مواد فوری طور پر ہٹایا جائے جبکہ آئندہ ایسے مواد کی اشاعت پر بھی پابندی عائد کی جائے۔ یہ درخواست جسٹس مادھو جمدار کی سربراہی میں سماعت کے لیے پیش ہوئی جہاں عدالت نے ابتدائی دلائل سننے کے بعد متعلقہ فریقین اور آن لائن پلیٹ فارمز کو متنازع مواد ہٹانے کے لیے مشترکہ طریقہ کار طے کرنے کی ہدایت دی۔ واضح رہے کہ ڈیپ فیک ٹیکنالوجی مصنوعی ذہانت کی مدد سے ایسی ویڈیوز، تصاویر یا آڈیو تیار کرتی ہے جن میں کسی شخص کو ایسی باتیں یا حرکات کرتے ہوئے دکھایا جا سکتا ہے جو حقیقت میں کبھی پیش ہی نہیں آئیں۔

**بقیہ نمبر 1**

ڈینز، ڈائریکٹرز، فیکلٹی ممبران اور یونیورسٹی کے سینئر حکام کے ہمراہ معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ حکومت پاکستان ملک بھر میں ڈیجیٹل یوتھ ہبز قائم کر رہی ہے تاکہ نوجوانوں کو جدید تربیت، روزگار کے بہتر مواقع، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق مہارتوں سے آراستہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ہی ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔رانا مشہود احمد خان نے بتایا کہ حال ہی میں چین کے دورے کے دوران ممتاز چینی زرعی جامعات کے ساتھ تعلیمی تعاون اور مشترکہ تحقیقی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان روابط کے نتیجے میں چینی زرعی جامعات اور پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے درمیان زرعی تحقیق، ٹیکنالوجی کی منتقلی، طلبہ و اساتذہ کے تبادلوں اور جدت پر مبنی منصوبوں میں موثر تعاون کی نئی راہیں ہموار ہوں گی۔انہوں نے پاکستان کی مسلح افواج کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک افواج قومی وقار، استحکام اور دفاع کی علامت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلالِ جرات کی مدبرانہ قیادت میں عالمی سطح پر بین الاقوامی برادری اور عالمی اداروں کا پاکستان پر اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے، جس کے نتیجے میں مختلف بین الاقوامی تنظیموں اور ترقیاتی شراکت داروں کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نادر گل بریچ نے اس شراکت داری کو پاکستان میں زرعی اور دیہی ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔انہوں نے بتایا کہ اس پراجیکٹ کے تحت شراکت داری کا مقصد موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے ہم آہنگ مونگ پھلی کے بہتر بیجوں کی تیاری، جدید پیداواری نظام کا فروغ، ویلیو ایڈیشن، دیہی کاروباری سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی، ڈیجیٹل زرعی مشاورتی خدمات کی فراہمی اور کسانوں کی منڈیوں تک رسائی کو بہتر بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ تحقیق سے مارکیٹ تک مربوط شراکت داری کا یہ ماڈل دیہی معیشت کی مضبوطی اور کسانوں کی آمدنی میں اضافے میں اہم کردار ادا کرے گا۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے اس اہم شراکت داری کا خیر مقدم کرتے ہوئے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام، چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ اور تمام شراکت دار اداروں کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ تحقیقی بنیادوں پر قائم یہ اشتراک پاکستان کے زرعی شعبے کی ترقی، کسانوں کی خوشحالی اور قومی معیشت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرے گا۔انہوں نے حکومت پاکستان کی نوجوان دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم، ڈیجیٹل مہارتوں، کاروباری مواقع، سکالرشپس اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے جاری اقدامات نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے کہا کہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی جدید ترین لیبارٹریز، اعلیٰ تحقیقی سہولیات، جدید سائنسی آلات اور انتہائی قابل اساتذہ سے مزین ایک ممتاز تحقیقی ادارہ ہے، جو قومی سطح کے بڑے ترقیاتی منصوبوں کو موثر انداز میں مکمل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ یونیورسٹی ایسی جدید تحقیقی اختراعات متعارف کراتی رہے گی جو براہ راست کسانوں، زرعی شعبے اور قومی غذائی تحفظ کو فائدہ پہنچائیں۔تقریب کے اختتام پر پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر باضابطہ دستخط کیے۔شرکاء نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ شراکت داری جامعات اور ترقیاتی اداروں کے درمیان موثر تعاون کی ایک ایسی مثال ثابت ہوگی جو پاکستان کی سماجی و معاشی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرے گی

**بقیہ نمبر 2**

کر صوبہ گیر دورے کرنے کی ہدایت، کابینہ کا ہر ممبر مہینے میں کم از کم سات اضلاع کا دورہ کرے، تمام محکموں کو بھی وزیر اعلیٰ سیل کے ساتھ منسلک رہنے کی ہدایت، وزیر اعلیٰ عوامی شکایات کا روزانہ خود جائزہ لیں گے، تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے صوبائی کابینہ کے ممبران کو پشاور سے نکل کر صوبہ گیر دورے کرنے اور ہر کابینہ رکن کو مہینے میں کم سے کم 7 اضلاع کے دورے کرنے کی ہدایت جاری کی ہے ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ کی کابینہ ممبران کو عوامی شکایات کے ازالے کی ہدایات دینے کے علاوہ تمام محکموں کے شکایات سیل کو بھی وزیر اعلیٰ شکایت سیل کیساتھ منسلک کرنے کی تلقین کی ہے جبکہ وزیر اعلیٰ عوامی شکایات اور ان کے ازالے کا روزانہ نہ صرف خود جائزہ لیں گے بلکہ بروقت ازالہ نہ ہونے پر ذمہ داران کے خلاف بھرپور کارروائی بھی کریں گے ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے اس فیصلہ کو نہ صرف خوش آئند قرار دیا جا رہا ہے بلکہ عوامی سطح پر بھی خوب سراہا جا رہا ہے

**بقیہ نمبر 3**

ناصر نے ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا اضافی چارج سنبھال لیا۔ آر ڈی اے ہیڈکوارٹر آمد پر تعیناتی ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے کا ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے مسعود احمد بخاری، ڈائریکٹر ایڈمن نوشین اسرار اور ادارے کے دیگر افسران نے استقبال کیا۔ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے نے افسران کے ساتھ تعارفی اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ دیانت داری، پیشہ ورانہ مہارت، احساسِ ذمہ داری اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومتی پالیسیوں، قواعد و ضوابط اور متعلقہ قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے، جبکہ تمام انتظامی و ترقیاتی امور میں شفافیت، میرٹ، جوابدہی اور بروقت فیصلوں کو اولین ترجیح دی جائے۔ کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ تمام ڈائریکٹوریٹس کے درمیان موثر رابطے اور باہمی ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنایا جائے، جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے، غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں، غیر مجاز تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر بنایا جائے، جبکہ شہریوں کو بروقت، معیاری اور شفاف خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ عوامی مفادات کا تحفظ، منصوبہ بند شہری ترقی، قوانین کا موثر نفاذ اور ادارے کی ساکھ کا فروغ آر ڈی اے کی بنیادی ترجیحات ہیں۔ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے نے مزید ہدایت کی کہ متعلقہ سرکاری اداروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے، عوامی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے موثر نظام اپنایا جائے اور انتظامی و ترقیاتی معاملات کے حل میں فعال، نتیجہ خیز اور عوام دوست طرزِ عمل اختیار کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی غفلت، غیر ضروری تاخیر، بدانتظامی یا نظم و ضبط کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر افسر و اہلکار اپنی ذمہ داریاں مکمل دیانت، لگن، پیشہ ورانہ مہارت اور جوابدہی کے ساتھ ادا کرے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی حکومت پنجاب کے وژن کے مطابق شفاف طرز حکمرانی، پائیدار اور منصوبہ بند شہری ترقی، موثر ریگولیٹری نظام، غیر قانونی تعمیرات اور ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی، اور شہریوں کو جدید، موثر اور عوام دوست خدمات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دیتی رہے گی

**بقیہ نمبر 4**

تقریباً ایک ارب 95 کروڑ روپے کا پراپرٹی ٹیکس وصول کیا، جو گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نمایاں کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ اس غیر معمولی ٹیکس وصولی سے راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے مالی بوجھ میں خاطر خواہ کمی آئی ہے، جس سے ترقیاتی منصوبوں، شہری سہولیات اور عوامی خدمات کے لیے مزید وسائل دستیاب ہوں گے۔ادارے کی جانب سے نافذ کی گئی یونیفارم ٹیکس پالیسی کے تحت کنٹونمنٹ کے مختلف علاقوں میں ٹیکس نظام کو زیادہ متوازن، شفاف اور منصفانہ بنایا گیا ہے، جس سے ٹیکس دہندگان کا اعتماد بھی بڑھا ہے۔ ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید نے ریونیو سپرنٹنڈنٹ عمر فاروق اور پوری ٹیکس برانچ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ٹیم کی انتھک محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بدولت یہ سنگ میل حاصل ہوا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی شفافیت، میرٹ اور بہتر انتظامی حکمت عملی کے ذریعے ادارے کی آمدنی میں مزید اضافہ کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو اعلیٰ معیار کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

**بقیہ نمبر 5**

قیام میں 20 جولائی 2026 سے 19 جولائی 2027 تک ایک سال کی توسیع کی منظوری دی۔حکام کے مطابق سندھ کابینہ کی منظوری کے بعد وزارت داخلہ اس حوالے سے باقاعدہ حکم نامہ جاری کرے گی۔

**بقیہ نمبر 6**

ورلڈ کپ جیتنے کا خواب پورا نہ ہو سکا جو اپنے آخری ورلڈ کپ کو یادگار نہ بنا سکے پچ کے اختتام کی سیٹی بجنے کے ساتھ ہی عظیم کھلاڑی رونالڈو گراؤنڈ میں ہی نہ صرف رو پڑے بلکہ آنکھیں بھی اشکبار ہو گئیں اس موقع پر فاتح ٹیم اسپین کے لامین نامی نوجوان کھلاڑی نے اپنی ٹیم کی جیت کا جشن منانے کے بجائے گراؤنڈ میں کرسٹیانو رونالڈو کے پاس گئے اور انہیں حوصلہ دیا کچھ بھرے اسٹیڈیم میں موجود تمام تماشائیوں نے اس منظر کو فٹ بال کے کھیل کے درمیان عزت احترام و وقار اور کھیل کے اعلیٰ اقدار کی علامت اقدام قرار دیا

**بقیہ نمبر 7**

نے اس مرتبہ مہاجرین کی 12 نشستوں پر جولائی میں ہونے والے انتخابات کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم تمام امیدوار پارٹی کے اس فیصلے کی مکمل تائید کرتے ہیں اور اپنی قیادت کے ساتھ کھڑے ہیں، راجہ حقنان نے کہا کہ ہم کشمیر کے عوام کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ان کے جمہوری، آئینی اور سیاسی حقوق کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کرتے رہیں گے،انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ اتحاد، نظم و ضبط اور پارٹی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے قیادت کے فیصلے کا احترام کریں اور الیکشن میں ہرگز حصہ نہ لیں

**بقیہ نمبر 8**

کہ یہ" ایک نئی مثبت پیش رفت ہے، جو اس موقف پر عمل درآمد کے لیے ہے جس کا ہم ہمیشہ اعلان کرتے رہے ہیں کہ غزہ کی پٹی کے انتظام سے متعلق جنگ کے بعد کے انتظامات (الیوم التالی) کمیٹی کے قیام کے بعد کے ایام) میں ہم شامل نہیں ہوں گے۔" حماس نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ جنگ شروع ہونے کے بعد سے اس نے "غزہ کے انتظام کے لیے متعدد اتفاق رائے پر مبنی تجاویز" پیش کیں، جن کے نتیجے میں ایک قومی کمیٹی تشکیل دی گئی، تاہم اسرائیل نے اب تک اس کمیٹی کو غزہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی۔تحریک نے مزید کہا کہ "متعلق دینے کا فیصلہ اس بات کی مکمل یقین دہانی کے بعد کیا گیا کہ حکومت کی تمام ذمہ داریاں قومی کمیٹی کے حوالے کرنے کے تمام انتظامی اور پیشہ ورانہ مراحل مکمل ہو چکے ہیں۔ساتھ ہی اس نے جنگ بندی کے معاہدے پر عمل درآمد کے اپنے عزم کا بھی اعادہ کیا۔حماس نے خبردار کیا کہ اسرائیل معاہدے پر عمل درآمد میں رکاوٹ ڈالنے اور غزہ میں "انتظامی خلا" پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے، تاکہ وہاں کے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو اور معمول کی زندگی کی بحالی کو روکا جا سکے۔اس نے ثالث ممالک اور معاہدے کے ضامن ممالک سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری مداخلت کریں اور اسرائیل پر دباؤ ڈالیں تاکہ وہ معاہدے پر عمل درآمد میں رکاوٹ ڈالنے کی اپنی کوششیں بند کرے۔ جنگ کے بعد کے انتظامات (الیوم التالی) دوسری جانب، حماس کے ترجمان حازم قاسم نے الجزیرہ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ تحریک جنگ بندی کے بعد غزہ کے انتظام سے متعلق کسی بھی انتظام کا حصہ نہیں بنے گی۔ان کا کہنا تھا کہ اب پوری ذمہ داری امریکی انتظامیہ اور شرم الشیخ کانفرنس کے ثالثوں پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اسرائیل کو جنگ بند کرنے اور قومی انتظامی کمیٹی کو غزہ میں داخل ہونے کی اجازت دینے کا پابند بنائیں۔

**بقیہ نمبر 9**

مسلم لیگ ن کے نامزد امیدوار اور مہاجرین کی ہر دلعزیز شخصیت حافظ احمد رضا قادری ایڈووکیٹ نے آزاد جموں و کشمیر انتخابات 2026 کے سلسلے میں مسلم لیگ (ن) کی کارنر میٹنگ میں مری کی چوہدری برادری اور دیگر کی طرف بھرپور حمایت کا اعلان کیے جانے کے موقع پر کثیر تعداد میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اجلاس چوہدری محمد نزیر کا کونخیل کی رہائش گاہ مری میں وادی پانچ سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار برائے قانون ساز اسمبلی حافظ احمد رضا قادری نے خصوصی شرکت کی، شرکاء نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ انتخابات میں پارٹی امیدوار حافظ احمد رضا قادری کی مکمل حمایت کرنے کا اعلان کیا، مقررین کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) ہی عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت ہے اور عوامی خدمت کے تسلسل کے لیے پارٹی امیدوار کو کامیاب بنانا وقت کی ضرورت ہے، کارنر میٹنگ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) مری سٹی کے رہنماؤں حاجی منیر عباسی، طاہر حمید، چوہدری ندیم شوکت، فہیم حسن شوکت، محمد فاروق، چوہدری عبدالرشید، محمد شکیل بٹ، زاہد قیوم اور محمد صادق کے علاوہ دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر شرکاء نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں وادی پانچ سے حافظ احمد رضا قادری کی انتخابی مہم بھرپور انداز میں چلائی جائے گی اور انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون اور حمایت فراہم کی جائے گی، میٹنگ کے اختتام پر ملکی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

**بقیہ نمبر 10**

، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات اور عملے کی حاضری کا معائنہ کیا۔ انہوں نے طبی عملے سے ملاقات کرتے ہوئے ہدایت کی کہ عوام کو معیاری، بروقت اور موثر طبی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔اس موقع پر آغا ظہیر عباس شیرازی نے زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور طبی سہولیات کے حوالے سے ان کی آراء، تجاویز اور مسائل سے آگاہی حاصل کی۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوام کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر مری نے اسپیشل ایجوکیشن سکول ہل ڈھولو مری کا دورہ کیا جہاں انہوں نے خصوصی بچوں کو فراہم کی جانے والی تعلیمی، تربیتی اور بحالی کی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے مختلف کلاس رومز، تدریسی سرگرمیوں اور سکول کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا جبکہ اساتذہ اور انتظامیہ سے ملاقات کرکے ادارے کی کارکردگی اور درپیش ضروریات پر تبادلہ خیال کیا۔ڈپٹی کمشنر نے خصوصی بچوں سے بھی ملاقات کی اور ان کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خصوصی افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور انہیں معیاری تعلیم، تربیت اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے خصوصی بچوں کے لیے سازگار اور دوستانہ تعلیمی ماحول کی فراہمی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو مزید بہتری کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، صحت اور تعلیم کے شعبوں کی بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صحت اور خصوصی تعلیم کے اداروں میں سہولیات کی فراہمی، صفائی، نظم و ضبط اور سروس ڈیلیوری کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ عوام بالخصوص خصوصی افراد کو بہترین اور باوقار خدمات فراہم کی جا سکیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ مری عوامی خدمت کے مشن کو مزید موثر بنانے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے ایسے دوروں اور نگرانی کے عمل کو مسلسل جاری رکھے۔

**بقیہ نمبر 11**

مطالبہ کر دیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام پورہ جبر میں قائم رائل کڈز سکول کی ایک ٹیچر نے الزام عائد کیا ہے کہ سمر کیمپ کے دوران محکمہ تعلیم کی ہدایات کے برعکس سکول کا وقت صبح 7 بجے سے 10 بجے کے بجائے دوپہر 12 بجے تک رکھا گیا، جبکہ اس پر اعتراض کرنے اور تنخواہ میں مبینہ غیر قانونی کٹوتیوں کے خلاف آواز اٹھانے پر اس کی مبینہ طور پر تضحیک کی گئی اور مکمل تنخواہ ادا کیے بغیر ملازمت چھوڑنے پر مجبور کر دیا گیا۔متاثرہ ٹیچر کی تحریری درخواست پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (MEE) گوجر خان کی جانب سے انکوائری مقرر کی گئی، تاہم شکایت گزار کا موقف ہے کہ انکوائری یکطرفہ انداز میں مکمل کی گئی، اس کے فراہم کردہ شواہد کو خاطر میں نہ لایا گیا اور تمام الزامات مسترد کر دیے گئے۔مزید حیران کن امر یہ سامنے آیا کہ انکوائری افسر کی جانب سے 4 جولائی 2026 کو جاری کیے گئے نوٹس میں شکایت گزار سے جواب طلب کرتے ہوئے پیشی کی تاریخ 7 جون 2026 درج کر دی گئی، جو نوٹس جاری ہونے سے تقریباً ایک ماہ پہلے کی تاریخ ہے۔ اس مبینہ غلطی نے انکوائری کے طریقہ کار اور شفافیت پر مزید سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔متاثرہ ٹیچر نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کو درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ اسے انصاف فراہم کیا جائے، انکوائری کو کالعدم قرار دے کر غیر جانبدار افسر کے ذریعے دوبارہ تحقیقات کرائی جائیں اور اگر کسی سرکاری اہلکار کی غفلت، جانبداری یا اختیارات کے ناجائز استعمال کا تعین ہو تو اس کے خلاف بھی محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔شہری، والدین اور تعلیمی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شفاف طرز حکمرانی کے وژن کے مطابق اس معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، تاکہ اگر شکایت درست ثابت ہو تو ذمہ دار عناصر کو قانون کے مطابق جوابدہ بنایا جا سکے اور نجی تعلیمی اداروں میں اساتذہ کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

**بقیہ نمبر 12**

حکمت عملی تنظیمی تیاریوں اور ووٹر رابطہ مہم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں پی پی 17 کے تمام چیئرمین اور وائس چیئرمین نے شرکت کی جبکہ پاکستان مسلم لیگ (ن) راولپنڈی سٹی کے جنرل سیکرٹری اور سابق رکن قومی اسمبلی حاجی پرویز احمد خان اور آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے امیدوار احمد رضا قادری بھی موجود تھے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے راجہ محمد حنیف نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کے لیے کارکنان اور عہدیداران کو بھرپور انداز میں متحرک ہوں انہوں نے ہدایت کی کہ پی پی 17 میں مقیم آزاد کشمیر کے ووٹرز سے گھر گھر رابطہ کیا جائے انہیں پارٹی کی کارکردگی اور منشور سے آگاہ کیا جائے اور انتخابی عمل میں بھرپور شرکت یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پی پی 17 کی ہر یونین کونسل میں چیئرمین اور وائس چیئرمین کی نگرانی میں الگ الگ کارنر میٹنگز منعقد کی جائیں گی ان نشستوں میں راجہ محمد حنیف اور امیدوار احمد رضا قادری خصوصی شرکت کریں گے جہاں ووٹرز سے براہ راست ملاقاتیں انتخابی مشاورت اور پارٹی کا پیغام موثر انداز میں پہنچانے کے لیے خصوصی مہم چلائی جائے گی اجلاس کے شرکاء نے انتخابی مہم کو مزید منظم فعال اور موثر بنانے کے لیے باہمی رابطوں کو مضبوط کرنے اور ہر سطح پر کارکنان کو متحرک رکھنے پر اتفاق کیا اس موقع پر اس عزم کا اعادہ بھی کیا گیا کہ مربوط حکمت عملی مضبوط تنظیمی نیٹ ورک اور بھرپور عوامی رابطہ مہم کے ذریعے آزاد جموں و کشمیر کے آئندہ انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار احمد رضا قادری کی کامیابی کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی

**بقیہ نمبر 13**

1986 نے مینار پاکستان پر جلسہ کیا تھا۔چیئرمین بلاول زرداری بھٹو نے تین ماہ پہلے پیپلز پارٹی لاہور کی نئی تنظیم کو ذمہ داریاں دی تھیں۔پیپلز پارٹی لاہور کا مینار پاکستان پر یہ جلسہ ایک سنگ میل ثابت ہوگا

**بقیہ نمبر 14**

مظفر پورہ محمد علی کریمی کے کسی قول و فعل کی ذمہ دار نہیں ہوگی اور عنقریب مسجد ہذا جلد نیا خطیب کا تقرر کرے گی۔

**بقیہ نمبر 15**

مخلصانہ مشورہ دوں گا کہ آپ کسی ایسے کام کو مجبوری بنا کر اس لیے اختیار نہ کریں کہ آپ کے گھر والے یہ چاہتے ہیں خواہ مخالفت میں گھریلو جھگڑے ہی کیوں نہ کھڑے ہو جائیں۔ جب تک آپ نہ چاہیں کسی پیشے میں قدم نہ رکھیں۔والدین کے مشورے کو توجہ سے سنیں وہ آپ سے دوگنی عمر کے شعور و تجربے پر فائز ہوتے ہیں۔لیکن آخری اور قطعی فیصلہ آپ ہی کے اختیار میں ہے کیونکہ آپ کے کام سے راحت و سکون یا افسردگی، بیزاری اور شکستگی آپ ہی کو حاصل ہوگی۔

کسی ایسے شخص کے پاس مت جائیے جو کہے۔میرے پاس طلسمی چھڑی ہے جس سے فوری معلوم ہو جائے گا آپ کا رجحان کس پیشے کی جانب ہے۔ایسے گروہ میں نجومی، عامل، کردار کے تجزیہ نگار، اعداد سے حساب لگانے والے اور ستارہ شناس ٹائپ کی مخلوقیں شامل ہیں ان کی طلسمی چھڑی راستے میں ہی ٹوٹ جاتی ہے۔ نہ ہی ٹیسٹ کے ذریعے ظاہر کرنے والے جو بتائیں کہ آپ کو کون سا پیشہ اختیار کرنا چاہیے یہ بھی جھوٹا ہے۔ وہ اس اصول کی خلاف ورزی کرتا ہے کہ پیشہ ور مشیر مشورہ لینے والے شخص کے سماجی، جسمانی، معاشی حالات اور گردوپیش کا خیال رکھے پھر اپنی خدمات ان سارے مواقع کو مدنظر رکھتے ہوئے سرانجام دے جو مشورہ لینے والے کے سامنے حقائق و نتائج کی روشنی میں نتیجہ کن واضح ہوں۔ آپ جانیے ایسے پیشے ور مشیر کے پاس تجربہ پیشوں کے متعلق موزوں معلومات و اطلاعات کی لائبریری ہو اور وہ ایسے پیشے کی ایسے مقام پر نشاندہی کرے جہاں مہیا کار کم ہوں اور خریدار زیادہ۔ جہاں تمہارے کام کی قدر کے ساتھ کشش مستقبل پر مبنی قیمت وصول ہو جیسے تم روز کی خوشی و سکون کے انجام دیتے رہو

**بقیہ نمبر 16**

بنانا اور طلباء کی تعلیم پر توجہ کو مرکوز کرنا ہے۔ اسلام آباد کیریئر کالج غوری گارڈن کے توسیعی منصوبے میں ایک بلڈنگ کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ جنوری 2027 میں اسلام آباد کیریئر کالج غوری ٹاؤن فیز فور کا افتتاح کریں گے۔ جس کی کالج نقشے پر 45 کمروں پر محیط زیر تعمیر بلڈنگ نومبر 2026 تک چیئرمین کیریئر گروپ آف ایسٹیٹ شجر جاوید انتظار اور ڈائریکٹر جنرل کیریئر گروپ آف ایسٹیٹ شجر پروفیسر محمد عامر نے اسلام آباد کیریئر کالج کیانی روڈ بہارہ کہو، اسلام آباد کیریئر چھٹہ بختاور، اسلام آباد کیریئر کالج ٹھنڈا پانی، اسلام آباد کیریئر کالج روات کی انتظامیہ کو گائیڈ لائن دیتے ہوئے کہا کہ منظم نظام کی پیمانہ کاری سے ہی ادارتی کارکردگی بڑھتی ہے۔ تاہم مرکزی نظام کے سامنے جوابدہی نہ کرنے میں انتظامی امور اور اختیارات میں رد و بدل کر دیا جائے۔ مرکزی نظام کے سامنے جوابدہی میں ہی کامیابی کا راز پوشیدہ ہے

**بقیہ نمبر 17**

موقع پر ہی شکایات کے ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا فوری اور میرٹ پر حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیس افسران کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ شہریوں کو انصاف کی بروقت فراہمی بھی ادارے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ سید علی ناصر رضوی نے واضح کیا کہ کسی بھی شہری کو پولیس سے متعلق کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ بلاجھجک کھلی کچہری میں آ سکتا ہے اور ان کے دروازے عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں۔آئی جی اسلام آباد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ موصول ہونے والی درخواستوں کو مقررہ مدت کے اندر میرٹ پر نمٹاتے ہوئے رپورٹ سنٹرل پولیس آفس ارسال کی جائے۔انہوں نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو بھی پابند کیا کہ وہ اپنے دفاتر میں مقررہ اوقات کی سختی سے پابندی کریں، شہریوں سے بروقت ملاقات کریں اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی سہولت کے لیے مختلف اصلاحاتی اقدامات کر رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کے انعقاد سے عوامی مسائل کے بروقت حل میں نمایاں بہتری آ رہی ہے۔

**بقیہ نمبر 18**

میں لوگ رو رہے تھے میں سمجھ رہا تھا کہ ایرانی ان سے نفرت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ایران نے نئی تاریخ رقم کی ہے دنیا کا خود ساختہ طاقت کا توازن بدل کر رکھ دیا جس طرح امریکہ اور اسرائیل کا گھمنڈ اور غرور توڑا اور قابل شکست کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا وہ اپنی مثال آپ ہے سردار خادم طاہر نے سنیر صحافیوں کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عرب ممالک سمیت دیگر اسلامی ممالک کو ایران کی سربراہی میں بلاک قائم کرنا چاہیے اپنی طاقت اور وسائل امریکہ اور اسلام دشمنوں پر خرچ کرنے کے بجائے امت مسلمہ پر صرف کریں اسی میں ان کی عزت ہے ایرانی قوم اور لیڈر شپ کی قربانی سے تہران حقیقی معنوں میں ملت کا جیبو ثابت ہوا

**بقیہ نمبر 19**

تین ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو گئے، جبکہ پولیس اہلکار بلٹ پروف جیکٹس اور حفاظتی اقدامات کے باعث محفوظ رہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق پولیس ریڈنگ ٹیم زیرِ حراست ملزمان ارسلان، سلمان اور شاہزیب کی انکشاف و نشاندہی پر ان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری اور مالِ مسروقہ کی برآمدگی کے لیے سیکٹر آئی۔15 میں واقع ایک غیر آباد مکان پر گئی تھی جہاں پہلے سے چھپے ملزمان کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر اچانک فائرنگ شروع کر دی۔فائرنگ کے دوران زیرِ حراست تینوں ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کی زد میں آ کر زخمی ہو گئے۔انہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ترجمان کے مطابق مذکورہ ملزمان نے چند روز قبل تھانہ نون کی حدود میں فائرنگ کرکے کانسٹیبل صالح محمد کو زخمی کیا تھا۔ ملزمان پولیس پر فائرنگ، ڈکیتی، راہزنی اور شاپ رابری سمیت متعدد سنگین مقدمات میں اسلام آباد پولیس کو مطلوب تھے۔پولیس نے ملزمان کے قبضے سے چھینے گئے دو موٹر سائیکل، درجنوں موبائل فون، پرس اور وارداتوں میں استعمال ہونے والے تین پستول بمعہ ایمونیشن بھی برآمد کر لیے ہیں۔

**بقیہ نمبر 20**

الوداعی ملاقات کا اہتمام کیا گیا، جس میں ان کے قریبی دوستوں نے شرکت کی۔ملاقات کے دوران باہمی گفتگو، یادگار لمحات کی یاد تازہ کرنے کے ساتھ مل کر عشائیہ بھی کیا گیا۔اس موقع پر شرکاء نے چوہدری نعمان کی محنت، خوش اخلاقی، خلوص اور دوستانہ رویے کو سراہتے ہوئے ان کی نئی پیشہ ورانہ زندگی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔مقررین نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ چوہدری نعمان بیرونِ ملک بھی اپنی صلاحیتوں، محنت اور دیانت داری کے ذریعے نمایاں کامیابیاں حاصل کریں گے اور اپنے خاندان، دوستوں اور وطنِ عزیز کا نام روشن کریں گے۔ ملاقات میں راجہ مطلوب، راجہ اویس، سردار آشان، ریحان ستی سمیت دیگر قریبی دوستوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے چوہدری نعمان کے ساتھ گزرے ہوئے یادگار لمحات کو یاد کیا، ان سے اپنی محبت اور وابستگی کا اظہار کیا اور ان کی کامیابی، صحت، سلامتی اور خوشحال مستقبل کے لیے خصوصی دعا کی۔آخر میں چوہدری نعمان نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ دوستوں کی محبت، خلوص اور نیک تمناؤں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔اس موقع پر تمام دوستوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ فاصلے خواہ کتنے ہی بڑھ جائیں، دوستی، محبت اور باہمی احترام کا یہ مضبوط رشتہ ہمیشہ قائم رہے گا

**بقیہ نمبر 21**

رضوان، چیف کانٹریکٹر ملٹری انٹیلیجنس مشکات خان، اور آرمی و ڈیفنس فورسز کے چیف کانٹریکٹر یونیفارم سپلائر شفیق نمایاں تھے۔تقریب میں پی ایم ہاؤس کی جانی پہچانی شخصیت بلال بھٹی، سابق امیدوار ایم پی اے ناصر بھٹی، بے نظیر بھٹو ہاسپٹل کے چیف سکیورٹی آفیسر سردار عمران عزیز خان، لینڈ لارڈ کمپنی کے اونر جواد خان، منرلز اینڈ مائنز ورک کے یونس خان، اور پنجاب پولیس کے صداقت صاحب نے بھی خصوصی شرکت کی۔تقریب کے دیگر شرکاء میں سید سکندر شاہ بخاری، آفتاب محمد رحمان، خیبر پختونخوا سے محمد محمود خان اور ان کی ٹیم، ویزا کنسلٹنٹس فلک نور اور ہاشم صاحب سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے اہم عہدیداران اور معززین شامل تھے۔تقریب کی میڈیا کوریج کے لیے کیپٹل پریس کلب کے معروف اینکر پرسنز اور نیوز ایشیائی وی چینل کی ٹیم بھی موجود تھی۔تقریب کے اختتام پر فوکل پرسن ٹو پرائم منسٹر یوتھ پروگرام سید رحمت شاہ بخاری اور وزیر اعظم ہاؤس کے ملازمین نے تمام عسکری حکام، میڈیا نمائندگان، اور لوکل معززین کا شکریہ ادا کیا جن کی آمد نے تقریب کو احسن انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچایا۔اس موقع پر قاسم بھٹی صاحب کو عمرے کی سعادت پر دلی مبارکباد پیش کی گئی اور آخر میں ملک پاکستان کی خوشحالی، ترقی اور دفاعی اداروں کی سربلندی و سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ ارض پاک کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے

**بقیہ نمبر 22**

کی کمپین چلائیں گے اور انھیں کامیاب کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حاجی ہاؤس سینیٹر ناصر محمود کی جانب سے الیکشن کمپین کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مقیم کشمیری 27 جولائی کو بھرپور انداز میں ووٹ دیں، پاکستان میں مقیم کشمیری دو ووٹ دے کر دو حکومتوں کے انتخاب میں حصہ لیتے ہیں کشمیریوں کی آواز جموں کے مسلمانوں کی آواز بنے گی، عوام قانون ساز اسمبلی کے الیکشن میں مسلم لیگ ن لیگ کو کامیاب کرائیں۔

**بقیہ نمبر 23**

ہوگا،اسی طرح مری کی تمام سرکاری و نجی کار پارکنگز میں بھی مناسب تعداد میں فائر ایکسٹینگوشرز، ریت کی بالٹیاں اور فرسٹ ایڈ باکسز کی موجودگی کے ساتھ عملے کی فائر فائٹنگ ٹریننگ کو لازمی قرار دیا گیا ہے،مری سٹی ٹریفک پولیس اور موٹر وے پولیس کو فوری اور سخت ایکشن لینے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والی کسی بھی گاڑی یا پارکنگ کو موقع پر ہی سیل، معطل یا بھاری جرمانہ عائد کیا جائے گا،اے سی مری نے تمام شہریوں، ٹرانسپورٹرز اور مالکان کو ہدایات دی ہیں کہ مری کو محفوظ بنانے کے لیے ان قوانین پر فوری عمل درآمد یقینی بنائیں۔

**بقیہ نمبر 24**

تین انڈور شیشہ کیفے جنگل لاؤنج، آئس برگ اور ڈریم لاؤنج جبکہ ایک روف ٹاپ کیفے اپ ٹاؤن شامل ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق انڈور شیشہ کیفوں کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن نے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ انڈور شیشہ کیفوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں اور کسی کو بھی قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہ دی جائے۔انتظامیہ نے مزید واضح کیا ہے کہ جن روف ٹاپ شیشہ کیفوں کو قانونی اجازت یا لائسنس حاصل ہے، وہ بھی صرف رات 11 بجے تک اور مقررہ ایس او پیز کے تحت کام کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی روف ٹاپ کیفے رات 11 بجے کے بعد کھلا پایا گیا یا حکومتی ہدایات کی خلاف ورزی کرتا ملا تو اسے بھی فوری طور پر سیل کر دیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ قانون پر یکساں عمل درآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی شخص یا کاروبار کو حکومتی احکامات کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں نے ان کارروائیوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ڈی سی اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایات پر اسی طرح بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ وفاقی دارالحکومت میں قانون کی بالادستی برقرار رہے۔

**بقیہ نمبر 25**

سکور کیا۔تیسرا میچ سندھ اے اور اسلام آباد کے مابین کھیلا گیا۔ جو کہ اسلام آباد نے یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-2 سے جیت لیا۔ اسلام آباد کی جانب سے دونوں گول ماہ نور نے سکور کیے۔ چوتھا میچ سندھ سی اور اسٹار ویمن اے کے مابین کھیلا گیا۔ جو کہ 0-0 سے برابر رہا۔چیمپئن شپ میں ملک بھر سے آئی ہوئی 16 ٹیموں کو مختلف پولز میں تقسیم کیا گیا ہے۔پنجاب اے، پنجاب بی، گلگت بلتستان، اسٹار ویمن اکیڈمی اے و بی، ایف ڈی اسلام آباد، کے پی کے اے اور بی، ویمنز سپورٹس اکیڈمی مردان، آزاد جموں و کشمیر اے و بی، اولمپین ذاکر ویمنز اکیڈمی، سندھ اے، بی، سی، بلوچستان اور اسلام آباد کی ٹیمیں شامل ہیں۔

**بقیہ نمبر 26**

ججز اور دیگر خواتین سول ججز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے 31 جولائی تک درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق بھرتیوں میں 50 فیصد کوٹہ پاکستان بھر کے امیدواروں جبکہ 50 فیصد کوٹہ اسلام آباد ڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں کے لیے مختص ہوگا۔ اہلیت کے معیار کے مطابق امیدوار کے لیے کم از کم دو سال وکالت کا عملی تجربہ لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ درخواست گزار کی زیادہ سے زیادہ عمر 35 سال مقرر کی گئی ہے۔

**بقیہ نمبر 27**

وکشمیر قانون ساز اسمبلی کیلئے ہونے والے عام انتخابات میں کیلئے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ امیدوار محمد فیاض سلہریا حلقہ LA.45 ویلی 6 سے انتخابی میدان میں کود پڑے ہیں جنہیں انتخابی نشان "چھت کا پنکھا" مل گیا ہے انتخابی نشانات ملتے ہی آزاد کشمیر انتخابات میں حصہ لینے والے تمام امیدواروں کی الیکشن مہم اور انتخابی سرگرمیاں بھی زور و شور سے شروع ہو گئی ہیں،،،

**بقیہ نمبر 28**

شامل تھیں۔تقریب کے مہمانِ خصوصی سینیٹر مشاہد حسین سید، صدر پیدار تھے۔سفیر خالد محمود نے کہا کہ روانڈا کا یوم آزادی ملک کے 1994 کے توتسیوں کے خلاف نسل کشی کے المیے سے امن، مفاہمت، اور ترقی تک کے شاندار سفر کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان روانڈا کے ساتھ باہمی احترام اور مشترکہ امنگوں پر مبنی بڑھتی ہوئی شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ تاریخی روابط کو یاد کیا، خاص طور پر اقوام متحدہ کے امن مشن اور نسل کشی کے بعد بحالی کی کوششوں میں پاکستان کے تعاون کو۔ انہوں نے پاکستان کے سابق سیکرٹری خارجہ شہریار ایم خان کو خراج تحسین پیش کیا، جنہوں نے ملک کی بحالی کے ایک نازک دور میں روانڈا کے لیے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے خصوصی نمائندے کے طور پر خدمات انجام دیں۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ روانڈا میں امن، استحکام، اور مفاہمت کے لیے پاکستان کے پائیدار عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کیگالی اور اسلام آباد میں سفارتی مشنز کے قیام نے دوطرفہ تعلقات میں ایک نیا باب کھولا ہے، جس سے تجارت، تعلیم، ٹیکنالوجی، اور عوامی تبادلوں میں تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر آمنہ خان نے کہا کہ روانڈا کا یوم آزادی ملک کی 1994 کے توتسیوں کے خلاف نسل کشی کے المیے سے امن، مفاہمت، اور پائیدار ترقی تک کی شاندار تبدیلی کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیمیا ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنا کر اور افریقی شراکت داروں کے ساتھ مکالمے کو فروغ دے کر افریقہ کے ساتھ پاکستان کی مشغولیت کو بڑھانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ کیگالی اور اسلام آباد میں سفارتی مشنز کے قیام نے پاکستان۔روانڈا تعلقات کو نئی رفتار دی ہے اور سفیر محمد نعیم خان اور ہائی کمشنر ہاریریمانا فاتو کی دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ آنے والے برسوں میں پاکستان اور روانڈا کے درمیان دوستی مزید گہری ہوگی۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے روانڈا کے استقامت، مفاہمت، اور سماجی و اقتصادی تبدیلی کے شاندار سفر کو سراہا، اور ملک کو استحکام، جدیدیت، اور ڈیجیٹل ترقی کا ایک نمونہ قرار دیا۔ انہوں نے افریقی آزادی کی تحریکوں کے لیے پاکستان کی دیرینہ حمایت پر بھی زور دیا اور پاکستان۔روانڈا تعلقات میں بڑھتی ہوئی رفتار پر روشنی ڈالی، خاص طور پر حالیہ اعلیٰ سطحی سفارتی تبادلوں کے بعد۔ انہوں نے بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے، عوامی روابط بڑھانے، اور افرو۔ایشین یکجہتی کو فروغ دینے کے لیے دونوں ممالک کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ ہائی کمشنر ہاریریمانا فاتو نے روانڈا پیٹریاٹک آرمی کے ان فوجیوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے ملک کی جدوجہد کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، اور کہا کہ ان کی بہادری اور بے لوث قربانیوں نے روانڈا کی افریقہ کے صاف ترین، سرسبز ترین، اور سب سے زیادہ جدت پسند ممالک میں سے ایک میں شاندار تبدیلی کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل جدت، صحت، اور پرامن جوہری توانائی میں روانڈا کی کامیابیوں کو اجاگر کیا، اور ایک اہم کانفرنس منزل کے طور پر اس کے ابھرنے کا بھی ذکر کیا۔ پاکستان اور روانڈا کے درمیان مضبوط اور دوستانہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے، انہوں نے دوطرفہ اور کثیرالجہتی تعاون کو وسعت دینے کی اہمیت پر زور دیا، خاص طور پر موسمیاتی تبدیلی اور سبز توانائی میں، اور روانڈا میں پاکستانی ڈائسپورا اور پاکستان میں فرینڈز آف روانڈا کے دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں تعاون کو سراہا۔ہائی کمشنر محمد نعیم خان نے کہا کہ روانڈا کا یوم آزادی ایک تاریخی سنگ میل کی نشاندہی کرتا ہے اور امن، ترقی، اور قوم کی تعمیر میں ملک کی غیر معمولی کامیابیوں کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹلائزیشن، گورننس، عوامی خدمات کی فراہمی، اور شفاف ترقی میں روانڈا کی قابل ذکر پیش رفت کو سراہا، اور کہا کہ اس کی کامیابی دیگر ممالک کے لیے قیمتی اسباق پیش کرتی ہے۔ پاکستان۔روانڈا تعلقات میں بڑھتی ہوئی رفتار کو اجاگر کرتے ہوئے، انہوں نے اعلیٰ سطحی دوروں، بشمول کاروباری وفد کے تبادلے کا حوالہ دیا، جس نے دوطرفہ تجارت میں اضافے میں کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے پاکستانی کاروباری اداروں اور سیاحوں کی حوصلہ افزائی بھی کی کہ وہ روانڈا میں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں اور دونوں ممالک پر زور دیا کہ وہ تعاون کے بڑھتے ہوئے راستوں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

**بقیہ نمبر 29**

کیا ہے کہ وہ اسرائیل پر دباؤ بڑھائیں تاکہ سرحدی گزرگاہیں کھولی جائیں، امدادی سامان کی ترسیل ممکن بنائی جائے اور غزہ کی قومی کمیٹی کو فوری طور پر علاقے میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے۔ اتحاد نے سرکاری ملازمین سے بھی اپیل کی کہ وہ عوام کو بنیادی خدمات کی فراہمی جاری رکھیں تاکہ کوئی انتظامی خلا پیدا نہ ہو۔ انادولو نیوز ایجنسی کے مطابق فلسطینی قبائل، عشائر اور خاندانوں کے قومی اتحاد کے سربراہ علاء الدین العکلوک نے کہا کہ ہنگامی حکومتی کمیٹی کے خاتمے کے بعد غزہ کے انتظام کے لیے قائم قومی کمیٹی کی ذمہ داریاں سنبھالنے میں مزید تاخیر کا کوئی جواز نہیں رہا۔ دوسری جانب قومی کمیٹی کے سربراہ علی شعث نے کہا کہ کمیٹی اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، بشرطیکہ اسے ضروری وسائل اور سازگار سیاسی، انتظامی اور سکیورٹی ماحول فراہم کیا جائے۔غزہ امن کونسل نے بھی واضح کیا کہ وہ وعدوں کے بجائے عملی اقدامات کی بنیاد پر صورتحال کا جائزہ لے گی اور ایک ہی حکومت، ایک ہی قانون اور ایک ہی اسلحے کے اصول پر زور دیا۔اقوام متحدہ کے نمائندے نکولائی میلادینوف نے کہا کہ روڈ میپ سے متعلق مذاکرات جلد مکمل ہونے سے غزہ کی انتظامی کمیٹی اپنی ذمہ داریاں سنبھال سکے گی اور تعمیر نو کا عمل بھی تیز ہوگا۔ جبکہ ماہرین کے مطابق یہ اقدام غزہ کے سیاسی اور انتظامی مستقبل کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے جو بین الاقوامی برادری کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ کرے گی۔

**بقیہ نمبر 30**

مجموعی طور پر 16 افراد نے حصہ لیا، نیلام عام کے دوران شبیر احمد نے سب سے زیادہ 70 لاکھ 5 ہزار روپے کی بولی دے کر سرکاری کار پارکنگ کا ٹھیکہ حاصل کیا اور کامیاب بولی دہندہ قرار پائے، نیلامی کے موقع پر چیف آفیسر مظفر بیگ، میونسپل آفیسر ریگولیشن عمار افضل، فنانس آفیسر میاں عثمان، ٹیکس سپرنٹنڈنٹ عمران عباسی سمیت دیگر متعلقہ افسران اور بڑی تعداد میں بولی دہندگان موجود تھے، ممبران کمیٹی نے کامیاب بولی کی منظوری دیتے ہوئے کہا کہ نیلامی کا تمام عمل مکمل شفافیت اور قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دیا گیا انتظامیہ کا کہنا تھا کہ سرکاری وسائل کی شفاف نیلامی سے حکومتی آمدن میں اضافہ ہوگا اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی میں بھی مدد ملے گی

**بقیہ نمبر 31**

بے زمین اور مستحق خاندانوں کو با اختیار بنانے کی جانب ایک اور تاریخی قدم اٹھایا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ "اپنا کھیت اپنا روزگار" سکیم کے تحت 30 ہزار خاندانوں کو زمین کی ملکیت فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام کے ذریعے ایک لاکھ 80 ہزار سے زائد افراد اپنے گھر کی چھت کے مالک بن چکے ہیں۔ اسی طرح "اپنی زمین اپنا گھر" پروگرام کے پہلے مرحلے میں دو ہزار خاندانوں میں مفت رہائشی پلاٹس تقسیم کیے جا چکے ہیں، جو عام آدمی کو باعزت رہائش فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا عملی اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کو ترجیحی بنیادوں پر فروغ دیا ہے۔ پنجاب بھر میں 9 لاکھ کسان کارڈز، 30 ہزار گرین ٹریکٹرز تقسیم کیے جا چکے ہیں، جبکہ 5 ہزار کسانوں کو سپر سیڈر مشینیں اور 8 ہزار ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ ان اقدامات سے زرعی پیداوار میں اضافہ، پیداواری لاگت میں کمی اور کسانوں کی آمدن میں بہتری آئے گی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ الحمدللہ آج پنجاب میں عوامی خدمت کے منصوبے صرف اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عملی طور پر عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا رہے ہیں۔ ترقی اور خوشحالی کا سفر اٹک سے رحیم یار خان تک پھیل چکا ہے اور ہر ضلع میں عوام حکومتی اقدامات کے ثمرات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف عوامی خدمت کے نئے ریکارڈ قائم کر رہی ہیں اور ان کی سیاست کا محور صرف عوام کی فلاح و بہبود ہے۔

**بقیہ نمبر 32**

بارشوں کے باعث سیلابی صورتحال ہے اور انتظامیہ ہزاروں افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق طوفانی بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث ہونے والے حادثات میں اب تک 15 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ 275 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ چینی صدر شی جن پنگ نے تمام متعلقہ اداروں کو ریسکیو اور امدادی کارروائیاں تیز کرنے، زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے اور متاثرین کی بحالی یقینی بنانے کی ہدایت کر دی ہے

**بقیہ نمبر 33**

قتل میں ملوث تھا اور رواں سال فروری سے پولیس کو مطلوب تھا۔نصیر آباد پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا جبکہ اس کے دو ساتھیوں کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ گرفتار اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا اور سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

**بقیہ نمبر 34**

گے۔انہوں نے بتایا کہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات انتہائی مفید اور تعمیری رہی، جس سے دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید وسعت ملے گی۔قبل ازیں اجلاس کے آغاز میں وزیر اعظم نے اسلام آباد میں ایک خاتون کی جان بچاتے ہوئے شہید ہونے والے پاک فضائیہ کے افسر گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہید کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ واقعے میں ملوث ملزم گرفتار ہو چکا ہے اور اسے قانون کے مطابق سخت سزا دلائی جائے گی۔وزیر اعظم نے بلوچستان میں 15 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین بھی پیش کیا، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں شہدا کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی گئی

**بقیہ نمبر 35**

خان سے کسی کی ملاقات نہیں ہوئی، مسلسل تشویش بڑھ رہی ہے، یہ بات درست ہے کہ فیملی کی ملاقات کے حوالے سے بات چیت ہوئی تھی، گزشتہ ہفتے کی طرح آج بھی بشریٰ بی بی کی فیملی کی ملاقات ہوگی، جن حکومتی افراد سے ہم بات چیت کرتے ہیں ہم نے ان سے ملاقات کی درخواست کی تھی، انہوں نے یہ میسج ضرور دیا تھا کہ بہنوں میں سے ایک ہی ملاقات ہوگی۔ یہ تین بہنوں کی ملاقات، فیملی کے دیگر افراد کی ملاقات ان کا حق ہے لیکن اس کے بعد پیش رفت نہیں ہو سکی، دونوں اطراف سے ملاقات پر قدغن نہ لگے، حکومت بھی نہ کرے جیل انتظامیہ بھی نہ کرے، ملاقات روکیں گے تو نفرتیں اور تناؤ بڑھے گا۔

**بقیہ نمبر 36**

ممالک کے درمیان رابطوں میں کردار کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر یہ کوششیں اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں اور خطے میں پائیدار امن کے قیام میں موثر ثابت ہوں تو عالمی سطح پر ان کی پذیرائی ہو سکتی ہے

**بقیہ نمبر 37**

کے امن، استحکام اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔شاہد رند کے مطابق حملے میں بلوچستان پولیس کے 9 افسران اہلکار شہید ہوئے، جن میں ایس ایچ او تھانہ ماگی، ایس ایچ او تھانہ کواس، اے ایس آئی انچارج ہیڈ کانسٹیبل سیف اللہ سمیت دیگر اہلکار شامل ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ ڈی ایس پی غلام سرور سمیت 8 پولیس اہلکار دشوار گزار پہاڑی راستوں سے بحفاظت تھانہ کاچ پہنچ گئے، جبکہ کانسٹیبل رضوان کو بھی بحفاظت بازیاب کروا لیا گیا ہے۔ دوسری جانب واقعے کے خلاف زیارت کے شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے زیارت کراس کے مقام پر قومی شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دی، جس کے باعث آمد و رفت معطل ہوگئی اور گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔حکام کے مطابق علاقے میں سرچ اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے اور دہشت گردوں کے سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے زیارت میں فتنۃ الخوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہید ہونے والے ایس ایچ اوز سمیت پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے شہداء کی بلند درجات اور ان کے اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔وزیر اعظم نے کہا کہ فتنۃ الخوارج کے حملے نے ایک مرتبہ پھر سے ثابت کر دیا کہ یہ لوگ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے دشمن ہیں، کسی کو بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، امن دشمن دہشت گردوں کے سدباب تک انکے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زیارت کے علاقے میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کے حملے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے 9 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت جبکہ صبر جمیل کی دعا کی۔محسن نقوی نے کہا کہ امن کی خاطر جانیں قربان کرنے والے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں

**بقیہ نمبر 38**

کو الیکشن کمیشن آف پاکستان میں خیبر پختونخوا اور دارالحکومت اسلام آباد میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے کیس کی سماعت ہوئی۔خیبر پختونخوا لوکل گورنمنٹ کیس میں چیف سیکرٹری اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخوا اور دارالخلافہ اسلام آباد کے کیس میں چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے بریف کیا کہ صوبائی حکومت 23 اضلاع کے نقشہ جات پہلے ہی الیکشن کمیشن کو مہیا کر چکی ہے اور کمیشن ان اضلاع میں حلقہ بندی کا کام بھی مکمل کر چکا ہے البتہ کمیشن کے یکم جولائی 2026 کے آرڈر کی تعمیل میں بقایا تمام 15 اضلاع جن میں خیبر، کرک، ہنگو، ڈیرہ اسماعیل خان، باجوڑ، پہاڑ پور، مانسہرہ، چترال اپر، شانگلہ، مالاکنڈ، کرم، ساؤتھ وزیرستان اپر، ساؤتھ وزیرستان لوئر، سوات اور بنوں کے نقشہ جات الیکشن کمیشن کو مہیا کر دیئے گئے ہیں۔

**بقیہ نمبر 39**

کے بعد جشن منانے کے معاملے پر انضباطی کارروائی مکمل کرتے ہوئے ان پر 40 ہزار ڈالر کا بھاری جرمانہ عائد کر دیا ہے

**بقیہ نمبر 40**

پروگراموں اور ان کے لیے کی جانے والی تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔اس موقع پر سینیٹر اسحاق ڈار نے کثیر الجہتی کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا اور مختلف عالمی فورمز پر پاکستان کے اصولی و روایتی موقف کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق، اس اہم اجلاس میں سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ، اسپیشل سیکرٹری (اقوام متحدہ)، ایڈیشنل سیکرٹری (ایشیا پیسفک) اور وزارت خارجہ کے دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی

**بقیہ نمبر 41**

قدرے مشرق سے مغرب کی طرف رواں تھا اور یہ جہاز زیادہ تر ایرانی اور عمانی سمندری راستوں پر چلتے رہے۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ" اگرچہ کچھ بحری جہازوں نے بین الاقوامی بحری تنظیم (IMO) اور پوشیدہ یا نامعلوم (Unknown/Dark) راستوں کا استعمال جاری رکھا،

**بقیہ نمبر 42**

کی کامیابی دراصل قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کی کامیابی ہوتی ہے، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں راولپنڈی سے ملحقہ تمام نشستوں پر کامیابی حاصل کر کے یہ فتح میاں نواز شریف کو تحفے کے طور پر پیش کرے گی۔ انہوں نے یہ بات راولپنڈی کینٹ میں رکن قومی اسمبلی ملک ابرار احمد اور رکن صوبائی اسمبلی ملک افتخار احمد کے زیر اہتمام آزاد کشمیر انتخابات 2026 کے سلسلے میں منعقدہ انتخابی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی

**بقیہ نمبر 44**

اور ایران سے باضابطہ تجارت کے آغاز کے مطالبات کیے۔حافظ نعیم الرحمن کا مزید کہنا تھا کہ غیر ملکی خواتین کے اغوا اور ریپ کیس کا مقدمہ کھلی عدالت میں چلایا جائے اور حکومت فوری طور پر آزاد کشمیر مسئلہ کے حل کے لیے مذاکرات کی میز سجائے۔ نائب امیر لیاقت بلوچ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل شیخ عثمان فاروق، نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیاء الدین انصاری اور امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری بھی اس موقع پر موجود تھے۔امیر جماعت اسلامی نے گیس کی قیمتوں میں اضافہ پر حکمرانوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ گیس کے ذخائر کی نشاندہی کے باوجود گزشتہ بولی (Bidding) میں انٹرنیشنل کمپنیوں کا شرکت نہ کرنا حکومتی نااہلی کا ثبوت ہے، ایل پی جی دو سوا کتالیس روپے کلو حکومتی ریٹ کے برعکس پانچ سو روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ حکومت فی لیٹر پٹرول پر پٹرولیم لیوی اور ٹیکسوں کی مد میں عام آدمی سے ایک سو اٹھارہ روپے بھتہ وصول کر رہی ہے، پٹرولیم لیوی کے بھتہ کی صورت میں اب تک عوام سے ساڑھے آٹھ ہزار ارب وصول کیے جا چکے ہیں جو کہ پٹرولیم انفراسٹرکچر (Infrastructure) میں بہتری کی بجائے ٹیکس اہداف کو پورا کرنے کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں، ٹیکس وصولی کے لیے بننے والا پچیس ہزار ملازمین پر مشتمل ایف بی آر کے محکمہ میں اپنے اصل کام کی بجائے ہزاروں ارب کی کرپشن ہوتی ہے، حکمران عوام کو سستا پٹرول، بجلی، گیس دینے کی بجائے عیاشیوں میں مصروف ہیں، گیارہ ارب کا جہاز اور کروڑوں کی گاڑیاں خریدنے والے اپنے آپ کو عوام کے سامنے جواب دہ نہیں سمجھتے، پنجاب کو شریف خاندان بادشاہوں کی طرح چلا رہا ہے، اربوں کے اشتہارات سے کارکردگی کے دعوے ہو رہے ہیں، حالت یہ ہے کہ صوبہ میں ایک کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں، تعلیمی اداروں کو فروخت کیا جا رہا ہے، کسان سے گندم پینتیس سو روپے من کے حساب سے خریدی گئی اب آٹا چھپن سو روپے من فروخت ہو رہا ہے، نہ کسان کو مناسب قیمت ملی اور نہ ہی عام آدمی کو سستا آٹا مل رہا ہے، لاہور میں روٹی سترہ سے بیس روپے اور نان پچیس سے تیس روپے کا فروخت ہو رہا ہے، شوگر مافیا کو چینی برآمد کرنے کی اجازت دے دی گئی، ساتھ ہی چینی کی قیمت اوپر چلی گئی، حکومتی سرکردگی میں مختلف مافیاز عوام کا خون نچوڑ رہے ہیں، پنجاب میں کپاس کی کاشت پچاس فیصد سے کم ہو گئی، کپاس کے علاقوں میں گنا کاشت ہو رہا ہے، شوگر مل مالکان کی جانب سے کسانوں کو گنے کی ادائیگیاں بھی نہیں ہو رہیں۔ عوام کو اس ظالمانہ نظام کے خلاف اٹھنا ہوگا، پٹرول کی فی لیٹر قیمت دو سو پچیس سے اوپر نہیں ہونی چاہیے۔عوام خصوصی طور پر نوجوانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ جمعہ کو ہونے والے مظاہروں میں بھرپور شرکت کریں۔

**بقیہ نمبر 45**

زرداری کی ہدایت پر کیا گیا ہے جسے صوبے کے صحت کے شعبے میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے

**بقیہ نمبر 46**

صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینیٹر روبینہ خالد، وزارت اقتصادی امور کے ایڈیشنل سیکرٹری، سینئر جوائنٹ سیکرٹری، حکومت بلوچستان اور حکومت پنجاب کے نمائندگان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان، مختلف منصوبوں کے پراجیکٹ ڈائریکٹرز، ڈائریکٹر جنرل پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، محکمہ آبپاشی کے حکام، پنجاب مینجمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور غیر ملکی مالی معاونت سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کرنے والے دیگر اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں غیر ملکی مالی معاونت سے جاری ترقیاتی منصوبوں میں لاگت میں اضافے، عمل درآمد میں تاخیر، کنسلٹنٹ چارجز، خریداری (پروکیورمنٹ) سے متعلق مسائل اور جوابدہی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں کنوینر کمیٹی سینیٹر سید وقار مہدی نے واضح کیا کہ آج کے اجلاس میں بنیادی طور پر بلوچستان اور پنجاب میں جاری منصوبوں کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ کمیٹی بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے جاری منصوبوں پر پارلیمانی نگرانی کو مزید موثر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ ذیلی کمیٹی کے اراکین نے گوادر کے منصوبوں میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گوادر کی اسٹریٹجک اہمیت کے پیش نظر ان منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر بلا تاخیر مکمل کیا جانا چاہیے۔ بعدازاں کمیٹی نے بلوچستان میں غیر ملکی مالی معاونت سے جاری آبی وسائل اور آبپاشی کے منصوبوں کا جائزہ لیا۔حکام نے بتایا کہ ایک منصوبہ جو جون 2026 میں مکمل ہونا تھا وہ چھ سے بارہ ماہ کی تاخیر کا شکار ہوا جبکہ 2022 کے تباہ کن سیلاب کے بعد ڈیزائن میں تبدیلی کے باعث ایک بڑے منصوبے کی لاگت میں نمایاں اضافہ ہوا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان نے بتایا کہ صوبے کے ایک بڑے منصوبے کی لاگت تقریباً 16 ارب روپے سے بڑھ کر 49 ارب روپے تک پہنچ گئی کیونکہ سیلاب کے بعد مکمل تکنیکی ری ڈیزائن کرنا پڑا۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبہ تقریباً 74 فیصد مکمل ہو چکا ہے اور اس میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور محکمہ آبپاشی دونوں کے اجزائی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ بار بار آنے والے سیلاب اور تاخیر سے نہ صرف لاگت بڑھتی ہے بلکہ کنسلٹنٹ چارجز کی صورت میں بھی اضافی مالی بوجھ برداشت کرنا پڑتا ہے۔حکام نے ذیلی کمیٹی کو بتایا کہ اس وقت نو بڑے منصوبوں پر کام جاری ہے جن کی مجموعی طور پیش رفت تقریباً 52 فیصد ہے جبکہ ڈیموں کی تعمیر حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ کنوینر ذیلی کمیٹی سینیٹر سید وقار مہدی نے دریافت کیا کہ آیا منصوبوں کے باقاعدہ فیلڈ معائنے کیے جاتے ہیں اور کیا ان معائنوں کی رپورٹس میں خامیوں اور اصلاحی اقدامات کی تفصیلات درج کی جاتی ہیں۔حکام نے بتایا کہ معائنے تو ہوتے ہیں مگر کمیٹی کی مطلوبہ طرز کی مانیٹرنگ رپورٹس مرتب نہیں کی جاتیں۔ کنوینر ذیلی کمیٹی نے اس پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ کو ہدایت دی کہ ان کی ٹیمیں دورہ کریں اور ایک ہفتے کے اندر ایسی تفصیلی انسپکشن رپورٹس جمع کرائیں جن میں دوروں کی تاریخیں، مشاہدات، نشاندہی کی گئی خامیاں، تجویز کردہ اصلاحی اقدامات اور تاخیر کی وجوہات شامل ہوں۔انہوں نے کہا کہ موثر مانیٹرنگ ہی شفافیت، معیار اور جوابدہی کو یقینی بنا سکتی ہے۔

**بقیہ نمبر 47**

عمان کے علاقے لیما کے قریب اس وقت پیش آیا جب ٹینکر آبنائے ہرمز سے جنوب کی طرف خلیج عمان کی جانب بڑھنے کی کوشش کر رہا تھا۔میزائل جہاز کے بائیں (پورٹ) حصے پر لگا۔ ایجنسی کا کہنا ہے کہ واقعے میں کسی جانی نقصان یا ماحولیاتی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے اور حکام معاملے کی تحقیقات کر رہے ہیں۔

**بقیہ نمبر 48**

میڈیکل سپلیس کو خطے کا ممتاز طبی مرکز بنایا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے یونیورسٹی آف الینوائے شکاگو کے دورے کے دوران کہی۔ وفاقی وزیر نے اپنے دورہ امریکہ کے دوران یونیورسٹی آف الینوائے شکاگو گئے جہاں دونوں ملکوں کے درمیان طبی تعلیم، تحقیق اور صحت کے شعبے میں مستقبل کے تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

**بقیہ نمبر 49**

ہے کہ مظفرپورہ میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے مقدمے میں ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی سزا حقائق کے برعکس ہے۔

**بقیہ نمبر 50**

دوران بھارتی پاسپورٹ کی عالمی درجہ بندی میں 49 درجے تنزلی ریکارڈ کی گئی ہے

**بقیہ نمبر 51**

گیا۔ملزمان مسلسل فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے، جبکہ جوابی فائرنگ بھی کی گئی۔پولیس کے مطابق جائے وقوعہ کی تلاشی کے دوران شیخ عامر نامی شخص زخمی حالت میں ملا، جس نے بتایا کہ وہ سول ہسپتال سے دوران گرفتاری فرار ہوا تھا۔زخمی ملزم کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔پولیس نے واقعے کے حوالے سے اپنی مدعیت میں نامعلوم ملزمان کے خلاف قتل، اقدام قتل، پولیس پر حملہ اور دیگر متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے، جبکہ فرار ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

**بقیہ نمبر 52**

اے کے کیمپوں سے تربیت یافتہ ہیں، ملزمان نے ریکی اور کمیونیکیشن کی ٹریننگ حاصل کی ہوئی ہے۔گرفتار ملزمان دہشتگرد تنظیم کے کمانڈر ساجد بلوچ اور بشیر زیب کی ہدایت پر کراچی میں مقیم تھے، ملزمان حساس تنصیبات کی معلومات اپنی تنظیم کو فراہم کرتے تھے۔ گرفتار ملزمان حساس تنصیبات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف دہشت گردی کا نیٹ ورک بنانے کے لیے بھی سرگرم تھے، ملزمان سے 4 کلو گرام بارودی مواد، ڈیٹونیٹر، پرائما کارڈ، بال بیرنگ برآمد کیا گیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ سی ٹی ڈی میں مقدمہ درج کر لیا گیا، ملزمان سے مزید تحقیقات کی جا رہی ہے، سی ٹی ڈی اور حساس ادارے نے مزید ٹیمیں تشکیل دیدی ہیں جو ملزمان سے تحقیقات کے بعد کارروائی عمل میں لائیں گی۔

**بقیہ نمبر 53**

حملے میں یوسف شمعون پبلک سکول کی پرنسپل، ان کی والدہ، ایک غیر ملکی گھریلو ملازمہ اور ایک شامی شہری جاں بحق ہوئے۔متاثرہ افراد اپنے آبائی گھر کا جائزہ لینے گئے تھے، اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان کے ضلع بنت جبیل کے مختلف قصبوں میں بھی متعدد رہائشی مکانات کو دھماکوں سے تباہ کر دیا۔ دوسری جانب غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی لبنان میں اسرائیلی حملوں کے باعث 90 ہزار سے زائد مکان تباہ ہو چکے ہیں، مسلسل بمباری کے سبب 6 لاکھ سے زیادہ افراد اب تک گھروں کو واپس نہیں لوٹ سکے۔رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج کی جانب سے ایسی ویڈیوز بھی جاری کی جا رہی ہیں جن میں رہائشی گھروں کو دھماکوں سے تباہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے، متعدد دیہات کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا گیا ہے۔حکومتی سروے کے مطابق متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو پر ایک ارب ڈالر سے زائد لاگت آئے گی، مقامی آبادی کے پاس اس کے لیے مالی وسائل موجود نہیں ہیں۔ واپس آنے والے شہریوں کا کہنا ہے کہ وہ مسلسل خوف کے سائے میں زندگی گزار رہے ہیں، انسانی حقوق کی تنظیموں کا کہنا ہے کہ اس نوعیت کی کارروائیاں بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتی ہیں۔

**بقیہ نمبر 54**

کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت نے نئے بجٹ میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور معیشت کو دستاویزی بنانے کیلئے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں۔ گزشتہ مالی سال کا اختتام مضبوط معاشی استحکام کے ساتھ ہوا، بڑی صنعت کی نمو کے سبب جی ڈی پی 7.3 فیصد ریکارڈ ہوئی، ترسیلات زر کے سبب کرنٹ اکاؤنٹ مالی سال 26 میں مستحکم رہا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ مالی سال 26 کی ترسیلات زر 41 سے 42 ارب ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے، ویلیو ایڈڈ ایکسپورٹس کا بھی معاشی استحکام میں اہم کردار رہا ہے، پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر مالی سال 26 میں 4.18 ارب ڈالر رہو گئے

**بقیہ نمبر 55**

گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے ہیں۔ پوری قوم، مسلح افواج، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خلاف متحد اور یک زبان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا انجام ہمیشہ شکست اور ہلاکت ہے اور ریاست پاکستان ہر قیمت پر دہشت گردی کا قلع قمع کرے گی۔

**بقیہ نمبر 56**

کے دوسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی ہے، 600 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 88 ہزار 126 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا ہے

**بقیہ نمبر 57**

اجلاس میں رکن ممالک کے سربراہان یورپ کی سلامتی، مشترکہ دفاعی حکمت عملی، دفاعی تعاون، فوجی اخراجات اور اتحاد کو درپیش مستقبل کے چیلنجز سمیت متعدد اہم امور پر غور کریں گے۔اجلاس ایسے وقت میں منعقد ہو رہا ہے جب صدر ٹرمپ ایک مرتبہ پھر نیٹو کے رکن ممالک پر دفاعی بجٹ میں اضافے کے لیے زور دے رہے ہیں۔

**بقیہ نمبر 58**

نے غزہ میں اپنی انتظامی باڈی تحلیل کرنے کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ اقدام ارکین کی منتقلی کو آسان بنانے کیلئے اٹھایا گیا



چیئرمین یوتھ پروگرام رانا مشہود بارانی یونیورسٹی اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ میں معاہدہ کے موقع پر موجود

# عالمی اداروں کا پاکستان پر اعتماد مزید مستحکم ہوا ہے، رانا مشہود

## بارانی یونیورسٹی اور چائنیز کی جامعات میں ٹیکنالوجی ٹرانسفر کیلئے منصوبہ جات پر کام کیا جا رہا

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) مہرعلی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی اور پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے درمیان موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ زراعت کے فروغ، مونگ پھلی کی ویلیو چین کو مضبوط بنانے اور دیہی آبادی کے معاشی حالات بہتر بنانے کے لیے ایک اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس حوالے سے بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جہاں چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے بطور مہمانِ خصوصی جبکہ پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نادر گل بریچ نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی۔ وائس چانسلر بارانی زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے رجسٹرار، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

### ندیم ناصر نے ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے کا اضافی چارج سنبھال لیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی، کیپٹن (ر) ندیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

### وزیر اعلیٰ KPK کی وزراء کو صوبہ بھر کے دورے کرنے کی ہدایت

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ KPK کی وزراء کو پشاور سے نکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

# انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ گلگت، آزاد کشمیر، اسلام آباد نے اپنے میچ جیت لیے

## سندھ سی اور اسٹار ویمن اے کے مابین میچ برابر رہا، چیمپئن شپ میں ملک بھر سے آئی ہوئی 16 ٹیموں کو مختلف پولز میں تقسیم کیا گیا

اسلام آباد (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیر اہتمام الاسکا بیٹریز، پی ٹی سی ایل اور پارکو کے تعاون سے نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم اسلام آباد میں 2 تا 10 جولائی تک جاری پرائم منسٹر نیشنل ویمنز انڈر-21 ہاکی چیمپئن شپ 2026 کے چھٹے روز چار میچز کھیلے گئے۔ پہلا میچ گلگت بلتستان اور ایف ڈی اسلام آباد کے مابین کھیلا گیا۔ جو کہ 0-1 سے گلگت بلتستان نے جیت لیا۔ گلگت بلتستان کی جانب سے واحد گول ارشیلا نے سکور کیا۔ دوسرا میچ کے پی کے اے اور آزاد جموں وکشمیر کے مابین کھیلا گیا جو کہ آزاد جموں وکشمیر نے 0-4 سے جیت لیا۔ آزاد جموں وکشمیر کی جانب سے علینہ لائبہ، علینہ، حمنہ عائشہ نے ایک ایک گول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

# آئی سی سی کا نیا تنظیمی ڈھانچہ تشکیل دے رہے ہیں، جاوید انتظار

## آئندہ ماہ غوری گارڈن کیمپس میں توسیع کریں گے، پروفیسر محمد عامر

اسلام آباد (پ ر) آئی سی سی کا نیا تنظیمی ڈھانچہ تشکیل دے رہے ہیں۔ جو مرکزی نظام تعلیم کے سامنے جوابدہ ہوگا۔ انتظامی اور نصابی امور کی جوابدہی کا زبانی کلامی نظام ختم کر کے تحریری لائحہ عمل تشکیل دے دیا گیا ہے۔ اگست میں غوری گارڈن کیمپس میں توسیع کریں گے۔ گرلز اور بوائز کیمپس علیحدہ علیحدہ کر دیں گے۔ جس کا مقصد تعلیمی ماحول بہتر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

# راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ نے ایک ارب 95 کروڑ ٹیکس وصولی کا ریکارڈ قائم

## ریونیو سپرنٹنڈنٹ عمر فاروق اور ان کی ٹیم نے بھرپور محنت، مؤثر حکمت عملی اور مسلسل فیلڈ مانیٹرنگ کے اہداف مکمل کیے

مالی بوجھ میں خاطر خواہ کمی آئی، ترقیاتی منصوبوں، شہری سہولیات اور عوامی خدمات کے لیے مزید وسائل دستیاب ہوں گے

## آئندہ بھی شفافیت، میرٹ اور بہتر انتظامی حکمت عملی کے ذریعے ادارے کی آمدنی میں مزید اضافہ کیا جائے گا، ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی پراپرٹی ٹیکس برانچ نے ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید کی زیر نگرانی مالی سال 2025-26 کے دوران ریکارڈ پراپرٹی ٹیکس وصول کر کے ادارے کی مالی پوزیشن کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ کنٹونمنٹ بورڈ ذرائع کے مطابق ریونیو سپرنٹنڈنٹ عمر فاروق اور ان کی ٹیم نے بھرپور محنت، مؤثر حکمت عملی اور مسلسل فیلڈ مانیٹرنگ کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

# شہریوں کے مسائل کا حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح، آئی جی

## کھلی کچہری میں شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل میرٹ پر حل کی ہدایت

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس میں "اوپن ڈور پالیسی" کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے گئے۔ آئی جی اسلام آباد نے متعلقہ افسران کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

### سندھ میں رینجرز کے قیام میں مزید ایک سال توسیع کی منظوری

کراچی (آئی این پی) سندھ حکومت نے صوبے میں رینجرز کے قیام میں توسیع کی منظوری دیدی۔ سندھ حکومت نے صوبے میں سندھ رینجرز کے قیام میں مزید ایک سال کی توسیع کی منظوری دے دی۔ سندھ کابینہ نے کراچی میں ہونے والے اجلاس میں رینجرز کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

### پی ٹی آئی کے آزاد کشمیر انتخابات بائیکاٹ فیصلہ کیساتھ کھڑے ہیں، راجہ عثمان

مری (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر کے سابق صدر حلقہ ویلی 5 وامیدوار حلقہ ویلی 5 راجہ عثمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان تحریکِ انصاف آزاد کشمیر کی قیادت کے فیصلے کے مطابق پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

# فٹبال ورلڈ کپ، اسپین نے رونالڈو کی پرتگال ٹیم کو شکست دیدی

## رونالڈو آخری ورلڈ کپ کو یادگار نہ بنا سکے، اسپینش کھلاڑی نے حوصلہ دیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) فیفا ورلڈ کپ فٹ بال 2026 کے ایک اہم پری کوارٹر فائنل میچ میں اسپین نے پرتگال کو ایک گول سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا گزشتہ رات کھیلے گئے میچ میں پرتگال کی ٹیم کوئی گول نہ کر سکی جبکہ پرتگال کی شکست و ٹورنامنٹ سے باہر ہونے کے ساتھ ہی فٹبال کے ہیرو کرسٹیانو رونالڈو کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

# آئی ایس ایس آئی: روانڈا کے یومِ آزادی کی یاد میں تقریب کا انعقاد

## افریقہ کے ساتھ پاکستان کی مشغولیت کو بڑھانے کے لیے پرعزم ہے، ڈاکٹر آمنہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) کے سینٹر فار افغانستان مڈل ایسٹ اینڈ افریقہ نے پاکستان افریقہ انسٹی ٹیوٹ فار ڈیولپمنٹ اینڈ ریسرچ کے اشتراک سے روانڈا کے یومِ آزادی کی یاد میں ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب کا آغاز پاکستان اور روانڈا کے قومی ترانوں سے ہوا۔ مقررین میں سفیر خالد محمود، چیئرمین بورڈ آف گورنرز، آئی ایس ایس آئی؛ ہائی کمشنر ہاریریمانا فاتو، پاکستان میں روانڈا کی ہائی کمشنر؛ ہائی کمشنر نعیم خان، روانڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر؛ اور ڈاکٹر آمنہ خان، ڈائریکٹر کیمیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

### اسلام آباد ضلعی عدلیہ میں نئے سول ججز کی بھرتی کا آغاز، درخواستیں طلب

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی دارالحکومت میں مقدمات کی تیزی سے بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ضلعی عدلیہ میں نئے ججز تعینات کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے ضلعی عدلیہ میں نئے سول ججز کی تقرری کا عمل شروع کرتے ہوئے سول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

### فیاض سلہریا انتخابی میدان میں کود گئے، نشان "چھت کا پنکھا" الاٹ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) آزاد کشمیر انتخابات، فیاض سلہریا انتخابی میدان میں کود گئے، انتخابی نشان "چھت کا پنکھا" مل گیا، انتخابی مہم جاری، تفصیلات کے مطابق آزاد جموں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

# خامنہ ای کا تاریخی جنازہ ٹرمپ اور امریکہ کیلئے موت ثابت ہوا، خادم طاہر

## اسلامی ممالک کو ایران کی سربراہی میں بلاک قائم کرنا چاہیے، سربراہ المصطفیٰ رائٹرز فورم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) المصطفیٰ رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم طاہر نے کہا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ آئی کا تاریخی جنازہ ٹرمپ اور امریکہ کے لیے موت ثابت ہوا ایک سو سے زائد ممالک کے مندوبین کی غیر معمولی شرکت نے ایران کی طاقت اور لیڈر شپ کی قربانی کا اعتراف امریکہ کے لیے بڑا دھچکا ثابت ہوا ٹرمپ کا یہ کہنا کہ مجھے حیرت ہوئی کہ سپریم لیڈر کے جنازے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

### سرکاری انتظامی کمیٹی کا استعفیٰ قومی مفاد کے پیشِ نظر دیا، حماس

غزہ (صباح نیوز) اسلامی مزاحمتی تحریک (حماس) نے کہا ہے کہ سرکاری انتظامی کمیٹی (لجنہ العمل الحکومی) کا استعفیٰ "قومی مفاد کے پیش نظر اور قابض قوت (اسرائیل) کے بہانوں کو ختم کرنے کے لیے" دیا گیا ہے۔ حماس نے زور دے کر کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

### غزہ کی قومی کمیٹی اختیارات سنبھالے، فلسطینی قبائل کا زور

اغزہ مقبوضہ بیت المقدس (صباح نیوز): فلسطینی قبائل، عشائر اور خاندانوں کے قومی اتحاد نے فلسطینی مؤقف کے اتحاد کو برقرار رکھنے اور مختلف فلسطینی جماعتوں، تنظیموں اور قبائل کے درمیان قومی اتفاقِ رائے کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے ثالث ممالک، ضامن فریقوں، غزہ امن کونسل اور اقوامِ متحدہ کے نمائندے نکولائی میلادینوف سے مطالبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

# مری، مسلم لیگ کی آزاد کشمیر انتخابات کے سلسلہ میں کارنر میٹنگ

## رہنماؤں کا لیگی امیدوار حافظ احمد رضا قادری کی مکمل حمایت کرنے کا اعلان

مری (بیورو رپورٹ) مہاجرین جموں وکشمیر کے حقوق کا تحفظ اور مسائل کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا جس پر عملدرآمد ہر صورت ہوگا اور جلد مقبوضہ کشمیر سے بھارتی تسلط کو ختم کر کے مظلوم کشمیری عوام کو آزادی نصیب ہوگی ان خیالات کا اظہار مہاجرین جموں وکشمیر کے حلقہ وادی 5 سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مری، مہاجرین نشست پر امیدوار حافظ رضا قادری حمایت کرنے والوں کو ہار پہنا رہے ہیں

# مری میونسپل کارپوریشن سرکاری کار پارکنگ کی نیلامی

## شبیر احمد 70 لاکھ 5 ہزار روپے کی بلند ترین بولی کے ساتھ کامیاب قرار

مری (بیورو رپورٹ) میونسپل کارپوریشن کی سرکاری کار پارکنگ کی نیلامی، شبیر احمد 70 لاکھ 5 ہزار روپے کی بلند ترین بولی کے ساتھ کامیاب قرار، ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر گزشتہ روز کو جناح ہال مری میں سرکاری کار پارکنگ کی سالانہ نیلامی کا انعقاد کیا گیا، نیلامی ممبران کمیٹی کی موجودگی میں شفاف انداز سے مکمل کی گئی، جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

مری میونسپل کارپوریشن کی کار پارکنگ کی نیلامی کا عمل جاری ہے

# اسلام آباد، پولیس مقابلہ، تین ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں سے زخمی

## ملزمان نے چند روز قبل تھانہ نون کی حدود میں فائرنگ کر کے کانسٹیبل صالح کو زخمی کیا تھا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): تھانہ نون کی حدود میں ڈاکوؤں کے ساتھیوں نے پولیس ریڈنگ ٹیم پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں زیر حراست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

# باکو روانگی سے قبل چوہدری نعمان کے اعزاز میں عشائیہ

## راجہ مطلوب، راجہ اویس، سردار آشان، ریحان ستی سمیت دیگر دوستوں کی ملاقات

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) روزگار کے سلسلے میں آذربائیجان کے دارالحکومت باکو روانہ ہونے والے چوہدری نعمان کے اعزاز میں غوری ٹاؤن کے ایک مقامی ہوٹل میں یادگار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

# حنید عباسی نے مسلم لیگ کو دو حصوں میں تقسیم کیا، ہارون شیخ

## مہاجرین کی سیٹوں پر ٹکٹ ہولڈر مسلم لیگ کے امیدواروں کی کمپین چلائیں گے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما ایم اے ہارون شیخ نے کہا ہے کہ حنید عباسی نے مسلم لیگ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جس سے کارکنوں میں بددلی پھیل رہی ہے قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر کے مہاجرین کی سیٹوں پر ٹکٹ ہولڈر مسلم لیگ کے امیدواروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، قاسم بھٹی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر رحمت شاہ ودیگر پھول پیش کر رہے ہیں

# ڈی سی مری کا مریم نواز ہیلتھ کلینک، سپیشل ایجوکیشن سکول کا دورہ سہولیات کا جائزہ

## صحت اور خصوصی تعلیمی اداروں میں سہولیات فراہمی، نظم وضبط، سروس ڈیلیوری معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، آغا ظہیر عباس

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے مریم نواز ہیلتھ کلینک کالی مٹی کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے کلینک میں ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی کے انتظامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی UIG کے زیر اہتمام سیمینار سے میاں ایم اے شاہد اور ڈاکٹر مرتضیٰ مغل خطاب کر رہے ہیں

# اپنا کھیت اپنا روزگار، 30 ہزار خاندانوں کو زمین کی ملکیت فراہم کی جا رہی ہے، عظمیٰ بخاری

ایک لاکھ 80 ہزار سے زائد افراد اپنی چھت کے مالک، صوبہ میں 9 لاکھ کسان کارڈز، 30 ہزار گرین ٹریکٹرز تقسیم کیے جا چکے

## وزیر اعلیٰ عوامی خدمت، سماجی فلاح اور معاشی خودمختاری کے وژن پر تیزی سے عمل پیرا ہیں، وزیر اطلاعات

جنوبی تھائی لینڈ، ناراتھیوات میں تقریب کے دوران روایتی میٹھی ڈش تیار کی جا رہی ہے

لاہور (صباح نیوز) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوامی خدمت، سماجی فلاح اور معاشی خودمختاری کے وژن پر تیزی سے عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "اپنی چھت اپنا گھر" اور "اپنی زمین اپنا گھر" جیسے انقلابی منصوبوں کے بعد اب "اپنا کھیت اپنا روزگار" سکیم کا آغاز کر کے حکومت پنجاب نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

### چین میں سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 15 افراد ہلاک، 270 لاپتہ

بیجنگ (آئی این پی) چین کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں طوفانی بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے ہلاکتوں کی تعداد 15 ہوگئی۔ چینی سرکاری میڈیا کے مطابق چین کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں طوفانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

# رشتے تنازع پر 3 افراد کے قتل میں ملوث اشتہاری گرفتار

## گرفتار، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی سردار بابر

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): تھانہ نصیر آباد پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے رشتے کے تنازع پر شہری اور اس کی دو بیویوں کے قتل میں ملوث اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق اشتہاری ملزم اپنے ساتھیوں کے ہمراہ شہری اور اس کی دو بیویوں کے تہرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

# پی ایم ہاوس ملازمین کی قاسم بھٹی کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

## عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد، ملکی ترقی اور اداروں کیلئے بھی دعا

راولپنڈی (پ ر): فوکل پرسن ٹو پرائم منسٹر یوتھ پروگرام سید رحمت شاہ بخاری کی سربراہی میں ایک انتہائی پُروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ یہ باوقار تقریب فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام و کوآرڈینیٹر میڈیا سی ایم پنجاب محترم قاسم بھٹی صاحب کی عمرہ کی سعادت حاصل کر کے وطن واپسی کی آمد پر منعقد کی گئی۔ اس پُررونق تقریب میں عسکری وسول حکام، ممتاز کاروباری شخصیات، وکلاء اور سماجی رہنماؤں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مہمانانِ گرامی میں میجر جنرل ظفر خٹک سی ایم اے جی ایچ کیو ملٹری اکاؤنٹس کے اعظم گورایا، بریگیڈیر محمد شعیب، میجر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پولینڈ، کراکو میں فلسطین کے حامی مظاہرین مظالم کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں

### گوجر خان نجی سکول کے خلاف شکایت، متاثرہ ٹیچر نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے انصاف مانگ لیا

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان کے نواحی علاقے اسلام پورہ جبر میں قائم ایک نجی تعلیمی ادارے کے خلاف دائر شکایت کی مبینہ طور پر جانبدارانہ انکوائری پر سوالات، متاثرہ خاتون ٹیچر نے انصاف کے حصول کے لیے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کو تحریری درخواست دے کر معاملے کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

### راجہ محمد حنیف کی زیرِ صدارت انتخابی مشاورتی اجلاس

### پی پی 17 میں ووٹر رابطہ مہم تیز کارنر میٹنگز کے انعقاد کا فیصلہ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیئرمین وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم پنجاب اور رکن پنجاب اسمبلی راجہ محمد حنیف کی زیرِ صدارت آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے آئندہ انتخابات کے سلسلے میں ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی انتخابی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

### مینار پاکستان پر پیپلز پارٹی لاہور کے تاریخی کنونشن کا آفیشل ترانہ جاری

لاہور (صباح نیوز) چلو چلو مینار پاکستان چلو۔ بلاول کو وزیر اعظم بنانے چلو۔ پچیس جولائی کو مینار پاکستان پر پیپلز پارٹی لاہور کے تاریخی کنونشن کا آفیشل ترانہ جاری کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پیپلز پارٹی چالیس سال بعد مینار پاکستان جلسہ کرنے جا رہی ہے۔ آخری مرتبہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے دس اپریل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

### محمد علی کریمی کو متنازعہ بیانات کی روشنی میں خطابت سے برطرف کر دیا گیا

لاہور (صباح نیوز) جامع مسجد حنفیہ رضویہ، مین بازار مجاہد آباد مغلپورہ کے سپریم لیڈر سید شاہ محمد نے محمد علی کریمی کو متنازعہ بیانات کی روشنی میں خطابت سے برطرف کر دیا ہے، سپریم لیڈر سید شاہ محمد صاحب نے اپنے بیان میں کہا کہ انتظامیہ مسجد حنفیہ رضویہ مین بازار مجاہد آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

# پیشے کا انتخاب زندگی کی کامیابی وناکامی کی بنیاد!

ہر لڑکا جب کسی پیشے کا انتخاب کرتا ہے جوئے باز ہوتا ہے اسے داؤ میں اپنی زندگی لگانی پڑتی ہے۔ ہر مرد کے لیے حصول روزگار اتنا ہی ضروری ہے جتنا زندہ رہنا بلکہ زندہ رہنے کے لیے روزگار ضروری ہے۔ اول حتی الامکان ایسا کام تلاش کیجئے جو آپ کے حسب منشا ہو جس میں دلچسپی ہوتا کہ اسے کرنے میں لطف اندوز ہوں سمجھیں کاروباری کامیابی اسی اصول پر وجود میں آئے گی لطف اندوز رکھنے والے کام کو منتخب کرنے سے آپ تاحیات اس میں مشغول رہ سکتے ہیں گویا کام کو کھیل بنا کر رکھنے سے جسمانی تھکاوٹ ہو بھی تو ذہنی تھکاوٹ اترتی بھی ہے دماغی ورزش کی شکل اختیار کرنے والے کام میں مبتلا تمام افراد اعصابی کمزوری کے مریض نہیں بنتے جبکہ بے پناہ جوش وخروش، سرگرمی و دلچسپی کاروباری افراد کا بنیادی اصول طے ہوا ہے۔ ہماری نوجوان نسل کا یہ عظیم ترین المیہ ہے کہ ان کو معلوم ہی نہیں کہ وہ کرنا کیا چاہتے ہیں۔ اس شخص سے قابل رحم حالت کسی کی نہیں جیسے اپنے کام میں تنخواہ کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ پڑھے لکھے ڈگری یافتہ افراد مختلف کمپنیوں میں پوچھتے ہیں کہ مجھے یہاں کوئی کام مل سکتا ہے؟ انہیں خود نہیں معلوم ہوتا کہ وہ کرنا کیا چاہتے ہیں یا کیا کچھ کر سکتے ہیں۔ بہت سے نوجوان جو قابل ذہنوں اور سنہرے خوابوں کے ساتھ زندگی کا آغاز کرتے ہیں، انجام کار وہ انتشار، پراگندگی اعصابی شکست پر آ کر ختم ہو جاتے ہیں۔ درحقیقت حسب منشا کام سے وابستہ ہونا انسانی صحت کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اگر آپ زندگی کو طویل بنانے والے عوامل کا مطالعہ کریں تو صحیح پیشے کو سب سے اوپر رکھتے ہوئے کہیں گے کہ بابرکت ہے وہ آدمی جیسے اپنا من پسند کام مل گیا اس کے علاوہ اسے کسی برکت کی ضرورت نہیں۔ اب شاندار مستقبل کے بارے میں جاننے کے لیے سائنس سے کیسے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں پیشہ ورانہ مشورہ لینے کے لیے تو پیشہ ورانہ امتحان گاہ بھی میسر نہیں۔

یاد رکھیے مشیر اور اصلاح کار ہرگز معصوم و بے خطا نہیں ہوتے بعض اوقات یہ آپس میں بھی متفق نہیں ہوتے اور بڑی مضحکہ خیز غلطیوں کا ارتکاب کر جاتے ہیں مثلاً ایک پیشہ کار نے مجھے اس بنا پر ادیب بننے کا مشورہ دے دیا کیونکہ میرے پاس الفاظ کا وسیع ذخیرہ ہے۔ حماقت دیکھیے یہ کام اتنا بھی آسان نہیں جتنا لوگ خیال کرتے ہیں۔ اچھی تحریر اپنے خیالات و جذبات قارئین تک پہنچانے کا ایک ذریعہ ہے اور ایسا کرنے کے لیے الفاظ کے وسیع ذخیرے کی اتنی ضرورت نہیں ہوتی جس قدر مشاہدے، تجربے، تخیل، جذبے، عقیدے، مثال، جوش، محسوسات، سمیت زمینی و آفاقی حقائق و کیفیات تک پہنچنے کے لیے رُوحانی پرواز کا اعزاز ہونا ہے انہی حاصل خزانوں کے مالک ادیب ہوتے ہیں فقط الفاظ کا ذخیرہ ہونا ادیب ہونے کی دلیل نہیں الفاظ ادیب کے تخلیق کار نہیں ترجمان ہوتے ہیں۔ میں مزید اس پر روشنی ڈال کر اپنی نالائقی سے پردہ نہیں اُٹھانا چاہتا کم از کم بندے کو اپنے آپ کا بھرم تو رکھنا ہی چاہیے۔ آیئے قلم کا ہاتھ تھام کر اصل موضوع کی جانب چلتے ہیں۔

پیشہ ورانہ راہنما خواہ وہ میں ہوں یا آپ ہوں غلطیوں کا پتلا ہیں اوروں کو بھی شامل مشورہ کریں پھر ان کے نتائج کو عقل عامہ کی روشنی میں جانچنے پر نتیجہ اخذ کریں جس کا حاصل یہی ہو کہ آپ کو آپ کے مزاج کے کام سے وابستہ کر کے کامیابی کے سفر میں تھکنے نہ دے۔ کامیابی حاصل کرنے کے فن میں ماہر لوگوں کا یہی اصول ہوتا ہے کہ وہ صحیح آدمی کو صحیح کام پر لگا کر فائدے اُٹھاتے ہیں ہمارے اردگرد کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جو ضروریات کی سولی سے اترنے کے لیے ایسے کام کرتے ہیں جن کے لیے وہ مجبور اور ناخوش طبیعت میں پھنسے ہوتے ہیں غلط اسامی پر تعیناتی خود کے ساتھ زیادتی اور حالت نفسیاتی اک سزا ہی تو ہے۔ اکثر والدین بھی آمدنی کے نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے اولاد کو ان کے مخالف مزاج کام پر اُکساتے ہیں پھر ان کے باغیانہ رویے سے افسردگی پاتے ہیں۔ اپنی اولاد کی قابلیت کو جانچنے کی بجائے بے تدبیر اور پست ہمت خیال کرنا صدمہ دیتا ہے۔ قدرت نے ہر شخص میں مختلف اصلاحتیں رکھی ہوئی ہیں ان کو نہ پہچاننے والے ناکامی کا شکار ہو کر پاگل ہو جاتے ہیں اور آہستہ آہستہ پیوند خاک بن جاتے ہیں۔

میں نوجوانوں کو یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

# پبلک ٹرانسپورٹ و پارکنگ کیلئے فائر سیفٹی کے احکامات جاری

## فائر ایکسٹینگویشر، ایمرجنسی ہتھوڑا، فرسٹ ایڈ باکس اور فائر بلینکٹ کا ہونا لازمی قرار

مری (بیورو رپورٹ) سسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال نے ٹیوشن سینٹر کے حالیہ افسوسناک ٹریفک حادثے کے بعد مری کی تمام سکول وینز، پبلک ٹرانسپورٹ اور پبلک و پرائیویٹ کار پارکنگز کے لیے فائر سیفٹی کے سخت احکامات جاری کر دیے، اب مری میں چلنے والی تمام سکول وینز اور پبلک ٹرانسپورٹ (بسز، کوسٹرز، ویگن، ٹیکسی) میں فائر ایکسٹینگویشر (آگ بجھانے والا آلہ)، ایمرجنسی شیشہ توڑنے والا ہتھوڑا، فرسٹ ایڈ باکس اور فائر بلینکٹ کا ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے، جبکہ گاڑیوں میں LPG یا CNG گیس سلنڈرز کا استعمال مکمل طور پر ممنوع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

# اسلام آباد انتظامیہ ان ایکشن، 4 شیشہ کیفے سیل

## رات 11 بجے کے بعد روف ٹاپ کیفے بھی سیل ہوں گے، ڈی سی اسلام آباد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کے سخت احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر شالیمار نے گزشتہ رات کارروائی کرتے ہوئے قواعد وضوابط کی مبینہ خلاف ورزی پر چار کیفوں کو سیل کر دیا۔ سیل کیے گئے کیفوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویرپارٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083